# فائنل سنن ابی داؤد

## ششماہی اول

فیصد نصاب 80

مدرس::: مولانا مزمل مدنی دامت برکاتہم العالیہ

## محمد صائم عطاری

SAIM

ریسرچ اینڈ پبلشنگ

Composer: RAZA abny allah Rakha

آپ کو اس فائل میں سنن ابی داؤد کا 80 فیصد نصاب مل جائے گا۔۔۔

اگر آپ درس نظامی کی مندرجہ ذیل کتب کے ہمارے لکھے نوٹس چاہتے ہیں تو نیچے دیئے گئے نمبر پہ رابطہ کریں۔

(1) شرح وقایہ (کتاب الجہاد) (2) حسامی ((باب القیاس)) (3) تیسیر مصطلح الحدیث (4) القصائد المنتخبہ (5) فقہ السیرہ (6) منہاج العابدین مکمل (7) تفسیر بیضاوی ((ششماہی اول وثانی)) (8) ہدایہ جلد اول ودوم (9) النور المبین مکمل (10) فتح المنان (11) مناظر رشیدیہ (12) اجابۃ الغوث (13) اصول الدعوہ والارشاد (14) الفقہ الاکبر مکمل (15) شرح نخبۃ الفکر (16) ہدایہ جلد سوم وچہارم (17) میزان الادیان (18) شرح عقائد نسفیہ ششماہی اول ودوم (19) موطا امام مالک (20) شرح معانی الآثار (21) السراجی (22) تحقیق و تدوین کا طریقہ کار (23) موطا امام محمد (24) توضیح وتلویح

عنقریب تیار ہونے والی فائلز:::

(1) صحیح بخاری ششماہی اول وثانی (2) صحیح مسلم ششماہی ثانی (3) ترمذی ششماہی اول وثانی (4) سنن ابن ماجہ (5) سنن نسائی


محمد صائم عطاری

دورہ حدیث شریف

مرکزی جامعۃ المدینہ گجرات

03238599095

## ((حالات مصنف))

امام بخاری اور امام مسلم کے بعد علم حدیث میں سب سے بڑا مرتبہ امام ابو داؤد سجستانی کا ہے،،سب سے پہلے سنن آپ نے لکھی،،علم و حکمت کے ساتھ ساتھ آپ عبادت و ریاضت میں بھی بے مثال تھے علماء و اولیاء کرام ان کی خدمت میں حاضر ہوتے رہتے بڑے بڑے بادشاہ ان کے دروازے پہ ملاقات کے لیے انتظار کرتے۔۔۔۔

نام ونسب:::

ایک روایت کے مطابق آپ کا نسب نامہ ابو داؤد سلیمان بن اشعث بن شداد بن عمرو بن عامر تھا،،آپ 202ھ کو سجستان میں """زاد""" نامی معزز خاندان کے گھر میں پیدا ہوئے۔۔۔۔

وطن :::

آپ کا وطن سجستان ہے صحیح روایت کے مطابق یہ قندھار سے متصل ایک مشہور ملک ہے۔۔۔

تحصیل علم حدیث:::

ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ علم حدیث حاصل کرنے کی طرف راغب ہوئے کئی ممالک مثلاً مصر، شام، حجاز، عراق، خراسان وغیرہ کا سفر کیا۔۔

آپ نے اپنے سفر کا واقعہ لکھا کہ میں نے مصر میں ایک لمبی ککڑی دیکھی جب اس کی پیمائش کی تو وہ تیرہ بالشت نکالی،،ان گنت مرتبہ آپ بغداد گئے اور وہیں اپنی کتاب السنن لکھی۔۔۔۔

سادگی:::

آپ انتہائی سادہ مزاج انسان تھے،،آپ اپنی ایک آستین کھلی اور دوسری تنگ رکھتے تھے جب سبب پوچھا گیا تو فرمایا:::ایک آستین کشادہ اس لیے رکھتا ہوں کہ اس میں اپنی کتاب کے کچھ اجزاء رکھ سکوں اور دوسری آستین بلاضرورت کشادہ رکھنا فضول خرچی سمجھتا ہوں۔۔۔۔

اساتذہ:::

مسلم بن ابراہیم، ابوالولید طیالسی، سعید بن سلیمان واسطی، صفوان بن صالح دمشقی، ابو جعفر نفیلی، احمد، علی، یحییٰ، اسحاق وغیرہ۔۔۔۔

تلامذہ:::

محمد بن احمد بن عمرو اللولوئی، ابو طیب، احمد بن ابراہیم، اسحاق بن موسیٰ، محمد بن عبد الملک،، یہ وہ خوش نصیب ہیں جنہوں نے امام ابو داؤد سے سنن ابی داؤد کو روایت کیا ہے۔۔۔۔

ان کے علاوہ امام نسائی اور امام ترمذی بھی امام ابو داؤد کے شاگرد ہیں۔۔۔

تصانیف:::

کتاب السنن، کتاب المراسیل، کتاب المسائل، کتاب الرد علی القدریۃ، کتاب الناسخ والمنسوخ، کتاب التفرد، مسند مالک بن انس، کتاب الزہد، دلائل النبوہ، کتاب الدعاء وغیرہ

وصال:::

آپ کا وصال 16 شوال 275ھ کو جمعہ کے دن ہوا،،آپ نے وصیت کی تھی کہ حسن بن مثنیٰ سے آپ کو غسل دلایا جائے اور اگر وہ نہ ہوں تو حماد بن زید کی روایت کے مطابق آپ کو غسل دیا جائے چنانچہ آپ کی وصیت پہ عمل کیا گیا۔۔۔۔

## ((کتاب الزکاۃ))

سوال:::زکوۃ کا لغوی اور شرعی معنی بیان کریں۔۔۔

جواب:::زکوۃ کا لغوی معنی ہے:::پاکیزگی،بڑھنا،اصلاح وغیرہ،،اصطلاح میں معین نصاب پہ سال گزرنے کے بعد اڑھائی فیصد حصہ غیر ہاشمی کو دینا زکوۃ کہلاتا ہے۔۔۔

سوال:::زکوۃ کی اسلام میں کیا حیثیت ہے؟؟؟

جواب:::یہ ارکان اسلام میں سے ہے اور اس کا منکر کافر ہے۔۔۔

سوال:::منکرین زکوۃ کے حوالے سے شیخین میں کیا اختلاف ہوا؟؟؟

جواب:::جب حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے منکرین زکوۃ سے جہاد کا ارادہ کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا:::آپ ان لوگوں سے کیسے قتال کریں گے حالانکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے مجھے اس وقت تک لوگوں سے قتال کرنے کا حکم دیا گیا ہے جب تک وہ لا الہ الا اللہ نہ کہیں تو جس نے یہ کہا اس نے مجھ سے اپنی جان اور مال کو محفوظ کر لیا((پس منکرین زکوۃ کلمہ پڑھنے والے ہیں لہذا آپ کیسے ان سے جہاد کر سکتے ہیں؟؟؟))

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:::اللہ کی قسم میں ان لوگوں سے جہاد کروں گا جنہوں نے نماز اور زکوۃ میں فرق کیا،،بے شک زکوۃ مال کا حق ہے،،اللہ کی قسم اگر انہوں نے اونٹ باندھنے کی رسی بھی روکی جو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں دیتے تھے میں تب بھی جہاد کروں گا۔۔۔۔

سوال:::عقال کا کیا مطلب ہے؟؟؟

جواب:::عقال اس رسی کو کہتے ہیں جس سے اونٹ باندھے جاتے ہیں۔۔۔

## ((باب ماتجب فیہ الزکاۃ))

سوال:::غلے میں زکوۃ کا نصاب بیان کریں نیز اختلاف آئمہ بھی واضح کریں۔۔۔

جواب:::امام اعظم کا مؤقف:::

امام اعظم کے نزدیک زمین کی پیداوار چاہے جتنی بھی ہو اس میں زکوۃ واجب ہے۔۔۔

امام شافعی اور صاحبین کا مؤقف:::

امام شافعی اور صاحبین کے نزدیک پانچ وسق سے کم مقدار میں زکوۃ واجب نہیں ہو گی کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:::

ولیس فیمادون خمسۃ اوسق صدقۃ۔۔۔۔

سوال:::وسق کی مقدار بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::ایک وسق میں ساٹھ صاع ہوتے ہیں۔۔۔۔

سوال:::چاندی میں زکوۃ کب واجب ہو گی؟؟؟

جواب:::جب پانچ اوقیہ چاندی پہ سال گزر جائے تب اس پہ زکوۃ واجب ہو گی،،ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے۔۔۔۔

سوال:::عمران بن حصین رضی اللہ عنہ ایک شخص پہ کیوں غضبناک ہوئے؟؟؟اور اسے کیا جواب دیا؟؟؟

جواب:::ایک شخص نے آپ سے کہا کہ آپ ہمیں وہ احادیث بیان کرتے ہیں جن کی اصل ہم قرآن میں نہیں پاتے یہ سن کر آپ کو غصہ آگیا اور اس سے زکوۃ کے نصاب کا پوچھا کہ کیا یہ قرآن میں ہے؟؟؟اس نے کہا نہیں،،پھر آپ نے فرمایا یہ چیزیں تم نے ہم سے سنی ہیں اور ہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہیں۔۔۔۔۔

## ((باب العروض اذا کانت للتجارۃ))

سوال:::کیا مال تجارت پہ زکوۃ واجب ہے؟؟؟

جواب:::جی ہاں جیسا کہ سمرہ بن جندب کا فرمان ہے:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں مال تجارت سے زکوۃ نکالنے کا حکم دیتے تھے۔۔۔۔۔

## ((باب الکنز ماھو وزکاۃ الحلی))

سوال:::کنز کی تعریف کریں۔۔۔۔

جواب:::کنز کا لغوی معنی ہے:::ذخیرہ کرنا

اصطلاح میں کنز اس مال کو کہتے ہیں جس پہ زکوۃ واجب ہو چکی ہو اور ادا نہ کی جائے۔۔۔۔

سوال:::زیور کی زکوۃ نہ دینے کی وعید بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::ایک عورت اپنی بیٹی کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اس کی بیٹی کے ہاتھوں میں سونے کے دو وزنی کنگن تھے،،آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت فرمایا:::"""کیا تم اس کی زکوۃ دیتی ہو"""،،اس نے کہا:::نہیں،،آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::"""کیا تمہیں یہ بات پسند ہے کہ اللہ تمہیں ان کے بدلے قیامت کے دن آگ کے کنگن پہنائے؟؟؟""" یہ سن کر اس نے دونوں کنگن اتار کر بارگاہ رسالت میں پیش کر دیے۔۔۔۔

سوال:::حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ہاتھ میں کیا پہنا ہوا تھا؟؟؟

جواب:::چاندی کی انگوٹھیاں

## ((باب فی زکاۃ السائمۃ))

سوال:::سائمہ جانور کی تعریف کریں۔۔۔۔

جواب:::سائمہ اس جانور کو کہتے ہیں جو صحراؤں اور چراگاہوں میں چرتا ہے۔۔۔۔

سوال:::کتنی اقسام کے سائمہ جانوروں میں زکوۃ واجب ہوتی ہے؟؟؟

جواب:::تین قسم کے سائمہ جانوروں میں زکوۃ واجب ہوتی ہے:::

(1)اونٹ

(2)گائے

(3)بکری

چند اصطلاحات کی وضاحت:::

(1)بنت مخاض

وہ اونٹنی جو ایک سال کی ہو چکی ہو اور دوسرے سال میں چل رہی ہو۔۔۔۔

(2)بنت لبون

وہ اونٹنی جو دو سال کی ہو چکی ہو اور تیسرے سال میں جاری ہو۔۔۔۔

(3)حقہ

وہ اونٹنی جو تین سال کی ہو چکی ہو اور چوتھے سال میں چل رہی ہو۔۔۔

(4)طروقۃ الفحل

وہ اونٹنی جو اس قابل ہو کہ اونٹ اس سے جفتی کر کے اسے حاملہ کر سکے۔۔۔۔

(5)جذعۃ

وہ اونٹنی جو چار سال کی ہو چکی ہو اور پانچویں سال میں چل رہی ہو۔۔۔۔

(6)ھرمۃ

بوڑھی بکری

سوال:::اونٹوں کی زکوۃ کا نصاب بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::اگر اونٹوں کی تعداد پچیس سے کم ہو تو ہر پانچ اونٹوں پہ ایک بکری دی جائے گی،، پچیس سے لے کر پینتیس اونٹ ہوں تو بنت مخاض دی جائے گی اگر یہ نہ ہو تو ابن لبون دیا جائے گا،، چھتیس سے پینتالیس اونٹوں میں بنت لبون دی جائے گی،، چھیالیس سے ساٹھ تک کی تعداد میں """حقہ""" دی جائے گی اور یہ ایسی ہو جس سے نر جماع کر کے حاملہ کر سکتا ہو،، اکسٹھ سے پچھتر تک جذعہ دی جائے گی،، چھہتر سے نوے کی تعداد میں دو بنت لبون دی جائیں گی،، اکانوے سے ایک سو بیس تک کی تعداد میں دو ایسی حقہ دی جائیں گی جن کے پاس نر جا سکتا ہو،، ایک سو بیس سے اوپر کی تعداد میں ہر چالیس اونٹوں میں ایک بنت لبون اور ہر پچاس اونٹوں میں حقہ دی جائے گی۔۔۔۔

سوال:::اگر زکوۃ دینے والے کے پاس وہ اونٹنی نہ ہو جسے بطور زکوۃ دینا ہے تو اس صورت میں کیا حکم ہوگا؟؟؟

جواب:::اگرایسی صورت پائی جائے مثلا:::اگر کسی کی زکوۃ""جذعہ""بنتی ہے لیکن اس کے پاس""حقہ""ہے تو وہ لے لی جائے گی اس کے ساتھ مزید بیس درہم یا دو بکریاں بھی لی جائیں گی،،اسی طرح اگر کسی کی زکوۃ""حقہ""بنتی ہے لیکن اس کے پاس""جذعہ""موجود ہے تو وہ لے لی جائے گی اور صدقہ وصول کرنے والا عامل اسے دو بکریاں یا بیس درہم واپس لوٹائے گا۔۔۔۔

اگر کسی کی زکوۃ""بنت لبون""بنتی ہے جبکہ اس کے پاس""بنت مخاض""ہے تو وہ لے لی جائے گی اور ساتھ بیس درہم یا دو بکریاں بھی لی جائیں گی اسی طرح جب""بنت لبون""بنتی ہو لیکن""حقہ""موجود ہو تو وہ لے لی جائے گی اور عامل اسے دو بکریاں یا بیس درہم لوٹائے گا۔۔۔۔

سوال:::بکریوں کی زکوۃ کا نصاب بیان کریں۔۔۔

جواب:::چالیس سے لے کر ایک سو بیس سائمہ بکریوں میں ایک بکری بطور زکوۃ دی جائے گی،،ایک سو اکیس سے دو سو تک کی تعداد میں دو بکریاں دی جائیں گی،،دو سو ایک سے تین سو تک کی تعداد میں تین بکریاں دی جائیں گی،،پھر آگے ہر سو سو بکریوں میں ایک ایک بکری زکوۃ ہو گی۔۔۔

سوال:::کس قسم کی بکریوں کو زکوۃ میں لیا جائے گا؟؟؟کون سی بکریوں کو بطور زکوۃ قبول نہیں کیا جائے گا؟؟؟نیز کیا بکری کی جگہ بکرا لیا جا سکتا ہے؟؟؟

جواب:::بکریوں کو تین اقسام میں تقسیم کیا جائے گا:::اعلیٰ،درمیانی اور گھٹیا،،عامل درمیانی بکری کو لے گا۔۔۔

بوڑھی اور عیب والی بکری کو زکوۃ میں قبول نہیں کیا جائے گا،،اگر عامل چاہے تو بکری کی جگہ بکرا لے سکتا ہے۔۔۔

سوال:::حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے اس قول کا کیا مطلب ہے""لا یجمع بین مفترق ولا یفرق بین مجتمع""؟؟؟

جواب:::زکوۃ دینے والے علیحدہ مال کو اکٹھا نہ کریں اور اکٹھے مال کو علیحدہ نہ کریں۔۔۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر دو اشخاص کے پاس چالیس چالیس بکریاں ہیں تو ہر ایک پہ ایک ایک بکری آئے گی لیکن جب وہ عامل کو آتے دیکھیں تو اپنی بکریاں ملا لیں یوں ان دونوں کی بکریوں کی تعداد 80 ہو گی لہذا ایک ہی بکری دینی پڑے گی۔۔۔

اسی طرح اگر دو حصہ داروں کی سو سو بکریاں ہیں تو ان دو سو بکریوں پہ دو بکریاں بطور زکوۃ دی جائیں گی لیکن جب وہ عامل کو آتے دیکھیں تو اپنی اپنی بکریاں جدا کر لیں یوں ہر ایک کے پاس سو الگ الگ بکریاں ہو جائیں گی اور ہر ایک پہ صرف ایک ایک بکری زکوۃ آئے گی یوں وہ دو بکریاں دینے سے بچ جائیں گی،،حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قول کا یہی مطلب ہے۔۔۔۔

سوال:::گائے کی زکوۃ کا نصاب بیان کریں۔۔۔

جواب:::گائے کے نصاب میں یہ اصول ہے کہ ہر تیس گائے پہ ایک تبیع یا تبیعہ((یعنی ایک سال کی بچھڑی یا بچھڑا))لیا جائے گا اور ہر چالیس گائے پہ مسن یا مسنہ((یعنی دو سال کی بچھیا یا بچھڑا))لیا جائے گا۔۔۔

سوال:::کون سی نباتات پہ مکمل عشر اور کون سی نباتات پہ نصف عشر لیا جائے گا؟؟؟

جواب:::وہ نباتات جنہیں نہر کا پانی یا بارش سیراب کرے ان کا مکمل عشر دیا جائے گا اور وہ نباتات جنہیں کنوئیں((یا ٹیوب ویل وغیرہ))سے پانی دیا جائے ان پہ نصف عشر ہو گا۔۔۔

سوال:::سونے اور چاندی کا نصاب کیا ہے؟؟؟

جواب:::سونے کے بیس دینار ہوں ان پہ سال گزر چکا ہو تو نصف دینار زکوۃ دینا ہو گی،،چاندی کے دو سو دراہم پہ سال گزر چکا ہو تو ان پہ پانچ دراہم زکوۃ واجب ہو گی۔۔۔۔۔

سوال::: بالغ کافر سے کتنا جزیہ لیا جائے گا؟؟؟

جواب:::امام شافعی کے نزدیک آزاد، بالغ کافر پہ سالانہ ایک دینار جزیہ ہے چاہے وہ غنی ہو یا فقیر،،دلیل یہ ہے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت معاذ کو یمن بھیجا تو انہیں حکم دیا کہ ہر بالغ سے ایک دینار یا اس کے عوض یمنی کپڑا وصول کرنا۔۔۔

احناف کے نزدیک غنی کافر سے سالانہ اڑتالیس دراہم، متوسط سے چوبیس دراہم اور فقیر سے بارہ دراہم وصول کیے جائیں گے۔۔۔

سوال::: کوماء اونٹنی کسے کہتی ہے؟؟؟ نیز عامل نے اس اونٹنی کو بطور زکوۃ وصول کیوں نہ کیا؟؟؟

جواب:::اونچے کوہان والی اونٹنی کو کوماء اونٹنی کہتے ہیں،،عامل نے کوماء اونٹنی اس لیے وصول نہ کی تاکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ناراض نہ ہو جائیں کہ تم نے عمدہ جانور کیوں لیا؟؟؟

سوال::: شافع کسے کہتے ہیں؟؟؟ نیز کیا اسے بطور زکوۃ وصول کیا جا سکتا ہے؟؟؟

جواب::: شافع وہ جانور ہوتا ہے جس کے پیٹ میں بچہ ہو اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسے جانور کو بطور زکوۃ لینے سے منع فرمایا۔۔۔

سوال::: کن تین اشخاص نے ایمان کا ذائقہ چکھ لیا؟؟؟

جواب::: (1)اللہ کی عبادت کرنے والا

(2)ہر سال زکوۃ دینے والا

(3)بوڑھا، خارش زدہ، بیمار اور گھٹیا قسم کی بجائے درمیانی قسم کا جانور بطور زکوۃ دینے والا

## ((باب رضا المصدق))

سوال:::بشیر بن خصاصیہ کا نام کس نے بشیر رکھا تھا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کا نام بشیر رکھا تھا۔۔۔

سوال:::ابو العضن کون ہیں؟؟؟

جواب:::ابو العضن ثابت بن قیس ہیں۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عاملین زکوۃ کے بارے میں لوگوں کو کیا وصیت فرمائی؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: تمہارے پاس ایسے لوگ آئیں گے جنہیں تم ناپسند کرو گے جب وہ تمہارے پاس آئیں تو ان کو خوش آمدید کہنا اور جو وہ حاصل کرنا چاہیں انہیں حاصل کرنے دینا اگر انہوں نے انصاف کیا تو اس میں انہی کا فائدہ ہے اور اگر انہوں نے ظلم کیا تو اس کا وبال انہی پہ ہو گا،،ان کو راضی رکھنا کیونکہ تمہاری زکوۃ اسی وقت مکمل ہو گی جب وہ تم سے راضی ہوں گے اور انہیں چاہیے کہ تمہارے لیے دعا کریں۔۔۔

ایک اور روایت کے مطابق جب کچھ دیہاتیوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عاملین زکوۃ کے ظلم کے بارے میں عرض کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی طرح وصیت فرمائی۔۔۔

## ((باب دعاء المصدق لاھل الصدقۃ))

سوال::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لوگ زکوۃ لے کر آتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا عمل فرماتے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے لیے دعا فرماتے،، چنانچہ عبداللہ بن ابی اوفی سے روایت ہے جب لوگ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں زکوۃ لے کر جاتے تو آپ فرماتے::: اے اللہ!!! عزوجل فلاں کی آل پر رحمت کا نزول فرما پس میرے والد محترم بھی زکوۃ لے کر گئے تو فرمایا::: اے اللہ!!! عزوجل اوفی کی آل پر رحمت فرما۔۔۔

## ((باب تفسیر اسنان الابل))

سوال::: حوار اور فصیل کی وضاحت کریں۔۔۔

جواب::: جب اونٹنی کا بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کا نام حوار ہوتا ہے وہ اپنی ماں کے ساتھ چلتا پھرتا رہتا ہے پھر جب وہ ایک سال کا ہو جاتا ہے اور اپنی ماں سے الگ کر دیا جاتا ہے تو اس کو فصیل کہا جاتا ہے۔۔۔

سوال::: اونٹ کے دانتوں کے بارے نوٹ لکھیں۔۔۔

جواب::: جب اونٹنی کا بچہ پانچ سال کا ہو کر چھٹے سال میں داخل ہوتا ہے اور اپنے سامنے کے دانت گرا دیتا ہے تو اسے ثنیہ کہا جاتا ہے۔۔۔

جب اونٹ ساتویں سال میں داخل ہو جائے تو اس کا رباعیا دانت گر جاتا ہے اس وقت نر کو رباعیا اور مادہ کو رباعیہ کہا جاتا ہے۔۔۔۔

جب اونٹ آٹھویں سال میں داخل ہو جائے اور اس کا سن سدیس گر جائے تو اسے سدیس اور سدس کہا جاتا ہے۔۔۔

جب اونٹ نویں سال میں داخل ہوا اور اس کا نوکدار دانت نکل آیا تو اس وقت اسے بازل کہا جائے گا۔۔۔

جب وہ دس سال کا ہو جاتا ہے تو اسے مخلف کہا جاتا ہے پھر اس کے بعد اس کا کوئی نام نہیں۔۔۔

سوال::: فصول الاسنان عند طلوع سہیل کی وضاحت کریں۔۔۔

جواب::: ہر چیز کا کوئی نہ کوئی موسم ہوتا ہے جب وہ چیز وقوع پذیر ہوتی ہے یہاں بھی اونٹوں کے دانت نکلنے کا موسم بیان کیا جا رہا ہے کہ یہ سہیل نامی ستارے کے طلوع ہونے کے وقت ہوتا ہے۔۔۔

# ((باب این تصدق الاموال))

سوال::: جلب اور جنب کا کیا مطلب ہے ؟؟؟ان کی وضاحت کریں۔۔۔۔

جواب::: زکوۃ دینے والا اپنا جانور کھینچ کر عاملِ زکوۃ کے پاس لے جائے اسے جلب کہتے ہیں۔۔۔۔

زکوۃ دینے والا اپنے جانور دور لے جائے تاکہ عامل کو وہاں جا کر زکوۃ لینا پڑے اسے جنب کہتے ہیں۔۔۔۔

ان دونوں سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا کیونکہ جلب والی صورت میں زکوۃ دینے والے کے لیے مشقت ہے اور جنب میں زکوۃ وصول کرنے والے کے لیے مشقت ہے۔۔۔۔

سوال:::اموال کی زکوۃ کس جگہ وصول کی جائے گی ؟؟؟

جواب:::اموال کی زکوۃ اسی جگہ وصول کی جائے گی جہاں ان کو رکھا گیا ہے مثلا اگر کسی جگہ جانور رکھے گئے ہیں تو عامل وہاں آ کر زکوۃ وصول کرے۔۔۔۔

# ((باب الرجل یبتاع صدقتہ))

سوال::: کیا صدقہ کرنے والا اپنی صدقہ کی ہوئی چیز کو خرید سکتا ہے ؟؟؟

جواب:::جمہور کے نزدیک صدقہ کرنے والے کا اپنی صدقہ کی ہوئی چیز خریدنا جائز ہے،،وہ حدیث مبارکہ جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو اپنا صدقہ کیا ہوا گھوڑا خریدنے سے منع فرمایا وہ نہی تنزیہی پر محمول ہے۔۔۔۔

((باب صدقۃ الرقیق))

سوال::: کیا غلاموں اور لونڈیوں کی زکوۃ واجب ہے ؟؟؟

جواب:::اگر غلام تجارت کے ہوں تو تمام آئمہ کے نزدیک ان میں زکوۃ واجب ہے البتہ اگر غلام یا لونڈی کو خدمت کے لیے رکھا گیا ہو تو پھر ان میں زکوۃ واجب نہیں چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا فرمان ہے::: گھوڑے اور غلام یا لونڈی میں زکوۃ نہیں ہے البتہ غلام یا لونڈی میں صدقہ فطر ہے۔۔۔۔

# ((باب صدقۃ الزرع))

سوال::: بعل الکبوس سے کیا مراد ہے ؟؟؟

جواب::: بعل اس کھیتی کو کہتے ہیں جو آسمان کے پانی سے اگتی ہو ایک دوسرے قول کے مطابق بعل اس زمین کو کہتے ہیں جسے بارش کا پانی سیراب کرے جبکہ ایک تیسرے قول کے مطابق بعل بارش کے پانی کو کہتے ہیں۔۔۔۔

سوال::: کن اشیاء پہ مکمل عشر واجب ہو گا اور کن اشیاء پہ نصف عشر واجب ہو گا؟؟؟

جواب::: جو کھیتی بارش، دریا، یا چشمے کے پانی سے سیر اب ہو اس پہ مکمل عشر واجب ہو گا یعنی پیداوار کا دسواں حصہ لیا جائے گا۔۔۔

وہ کھیتی جسے رہٹ یا جانوروں کے ذریعے سیر اب کیا جائے اس پہ آدھا عشر واجب ہو گا یعنی پیداوار کا بیسواں حصہ لیا جائے گا۔۔۔

سوال::: امام ابو داؤد نے مصر میں کیا دیکھا؟؟؟

جواب::: آپ نے مصر میں ایک ککڑی دیکھی جس کی پیمائش 13 بالشت تھی اور ایک سنترہ دیکھا جو اتنا بڑا تھا کہ اسے دو ٹکڑے کر کے اونٹ پر لادا گیا تھا۔۔۔

## ((باب زکوۃ العسل))

سوال::: کیا شہد پہ زکوۃ واجب ہے؟؟؟

جواب::: احناف کے نزدیک شہد میں زکوۃ واجب ہے چنانچہ بنی متعان کے ایک فرد نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سلبہ نامی جنگل کا ٹھیکہ طلب کیا اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شہد کا دسواں حصہ بطور عشر ادا کیا کرتے تھے۔۔۔

## ((باب فی خرص العنب))

سوال::: انگور کی زکوۃ کس طرح ادا کی جائے گی؟؟؟

جواب::: جس طرح درخت پر لگی کھجور کا اندازہ لگایا جاتا ہے اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انگور کا اندازہ لگانے کا حکم دیا اور ان کی زکوۃ اس وقت لی جائے گی جب یہ خشک ہو جائیں گے۔۔۔

## ((باب فی الخرص))

سوال::: عشر کے لیے پھلوں کا اندازہ لگانے سے کیا مراد ہے نیز اس کا کیا طریقہ کار ہے؟؟؟

جواب::: اندازہ لگانے کا مطلب یہ ہے کہ درختوں پر پھل کس قدر ہیں اور جب یہ پھل سوکھ جائیں گے تو ان کی مقدار کتنی ہو گی یہ سب کچھ پہلے سے پتا لگا لیا جائے اور مالک کو بتا دیا جائے کہ تمہارے باغ سے اس قدر زکوۃ لی جائے گی۔۔۔

جب درختوں پر لگے پھلوں کا اندازہ لگایا جائے تو ایک تہائی یا چوتھائی پھلوں کو چھوڑ دینا چاہیے اور اس میں سے زکوۃ نہیں لینی چاہیے۔۔۔

## ((باب متی یخرص التمر))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھجوروں کا اندازہ لگانے کے لیے خیبر کسے بھیجتے تھے نیز وہ کس وقت اندازہ لگاتے تھے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کو خیبر میں یہودیوں کے پاس بھیجتے تھے تاکہ وہ کھجوروں کا اندازہ لگائیں اور وہ اس وقت اندازہ لگاتے جب وہ پکنے کے قریب ہو جاتیں۔۔۔

## ((باب لایجوز من الثمرۃ فی الصدقۃ))

سوال::: جعرور اور لون الحبیق سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب::: یہ مدینہ شریف کی خراب کھجوریں تھیں انہیں زکوٰۃ میں لینے سے منع کیا گیا۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کم تر چیز صدقہ کرنے والے کے بارے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دن مسجد تشریف لائے تو کسی شخص نے حشف یعنی خراب کھجوروں کا گچھہ لٹکایا ہوا تھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے چھڑی ماری اور فرمایا اگر یہ شخص چاہتا تو اچھا صدقہ بھی کر سکتا تھا، یہ صدقہ کرنے والا بروز قیامت حشف یعنی خراب کھجور ہی کھائے گا۔۔۔

## ((باب زکوٰۃ الفطر))

سوال::: صدقہ فطر کا حکم بیان کریں نیز یہ کیوں دیا جاتا ہے؟؟؟

جواب::: صدقہ فطر آزاد صاحب نصاب مسلمان پہ واجب ہے۔۔۔

رمضان میں دوران روزہ جو لغویات صادر ہو جاتی ہیں یہ ان کی طہارت کے لیے دیا جاتا ہے اور اس لیے دیا جاتا ہے تاکہ مساکین اچھی طرح عید گزار لیں۔۔۔

## ((باب متی تؤدی صدقۃ الفطر))

سوال::: صدقہ فطر کب ادا کیا جائے گا؟؟؟

جواب::: عید الفطر کے دن صبح صادق طلوع ہوتے ہی صدقہ فطر واجب ہو جاتا ہے لہذا عید کی نماز ادا کرنے سے پہلے پہلے دے دینا چاہیے اگر نہیں دیا تو اس سے ساقط نہیں ہو گا بلکہ اس کا وقت عمر بھر کا ہے کسی بھی وقت دے دے۔۔۔۔

سوال::: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کب صدقہ فطر ادا فرماتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ عید سے ایک یا دو دن پہلے صدقہ فطر ادا فرمادیا کرتے تھے۔۔۔۔

## ((باب کم یؤدی فی صدقۃ الفطر))

سوال::: صدقہ فطر کی کتنی مقدار ہے؟؟؟

جواب::: شوافع کے نزدیک گندم اور کھجور میں صدقہ فطر ایک صاع دیا جائے گا جبکہ احناف کے نزدیک کھجور ایک صاع ہے لیکن گندم نصف صاع ہے۔۔۔۔

سوال::: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صدقہ فطر کی مقدار نصف صاع گندم کیوں مقرر فرمائی؟؟؟

جواب::: کیونکہ گندم کی کثرت ہو گئی تھی اس لیے ایک صاع گندم کی بجائے نصف صاع مقرر فرمائی، ایک اور روایت کے مطابق حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حج کے موقع پہ بیان فرمایا کہ شام سے آنے والی دو مد گندم ایک صاع کھجوروں کے برابر ہے تو اس کے بعد لوگ آدھا صاع گندم بطور صدقہ فطر دینے لگے۔۔۔۔

سوال::: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ صدقہ فطر کے طور پر کیا چیز دیتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ ایک صاع کھجور دیا کرتے تھے ایک سال کھجوروں کی مقدار کم پڑی تو آپ نے ""جو"" دیئے۔۔۔۔

## ((باب فی تعجیل الزکوۃ))

سوال::: کیا سال مکمل ہونے سے پہلے زکوۃ دی جا سکتی ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں اگر کوئی شخص صاحب نصاب ہو جائے تو وہ سال پورا ہونے سے پہلے زکوۃ دے سکتا ہے۔۔۔۔

سوال::: کن تین لوگوں نے زکوۃ دینے سے انکار کیا نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: ابن جمیل، حضرت خالد بن ولید اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم نے زکوۃ دینے سے انکار کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::

ابن جمیل نے اس لیے زکوۃ نہیں دی کہ وہ فقیر تھے تواللہ نے ان کو غنی کر دیااور رہے خالد بن ولید توتم ان کے اوپر ظلم کرتے ہو کیونکہ انہوں نے اپنی زرہوں اور ہتھیاروں تک کو اللہ کے راستے میں دے دیا ہے،، بہر حال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا عباس کی زکوۃ میرے ذمے ہے،، کیاتم نہیں جانتے؟؟؟ کہ چچاباپ کی طرح ہوتا ہے۔۔۔۔

## ((باب فی الزکوۃ ھل تحمل من بلد الی بلد))

سوال::: کیازکوۃ کو ایک شہر سے دوسرے شہر منتقل کرناجائز ہے؟؟؟
جواب::: صحابہ کرام جدھر سے زکوۃ وصول کرتے اسی علاقے کے غرباء پہ خرچ فرمادیا کرتے تھے لھذاایک شہر کی زکوۃ دوسرے شہر بھیجنامکروہ ہے،، البتہ اگر وہاں رشتہ دار ہوں توان کے لیے بھیج سکتا ہے یاوہاں کے لوگوں کوزیادہ حاجت ہے یاوہاں بھیجنا مسلمانوں کے حق میں زیادہ نفع بخش ہے توایسی صورتوں میں بلاکراہت بھیجنا جائز ہے۔۔۔۔

## ((باب من یعطی من الصدقۃ وحد الغنی))

سوال:::اگر کوئی شخص مال کے ہوتے ہوئے سوال کرے تواس کی کیاوعید ہے؟؟؟
جواب:::اگر غنی شخص سوال کرے تووہ قیامت میں اس حال میں آئے گا کہ اس کا چہرہ زخمی ہوگا۔۔۔۔
جس کے پاس پچاس درہم یااس کے بقدر سونا ہو وہ غنی شمار ہوگا ایک اور روایت کے مطابق جس کے پاس صبح اور شام کا کھانا موجود ہو وہ غنی ہے۔۔۔۔
سوال::: بنی اسد کے ایک شخص جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کچھ مانگنے گئے تو بغیر مانگے واپس کیوں آگئے؟؟؟
جواب::: کیونکہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس کے پاس ایک اوقیہ چاندی ہو اور وہ سوال کرے تواس نے الحاف کیا((اس کا مطلب ہے اصرار اور ضد کے ساتھ سوال کرنا جو قرآن کریم کے مطابق ناپسندیدہ ہے))،، یہ سن کر انہوں نے سوچا کہ میرے پاس ایک اونٹنی ہے جوایک اوقیہ چاندی سے بہتر ہے لھذاوہ بغیر سوال کیے واپس آگئے بعد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جو اور کشمش لائی گئی توآپ نے ان میں بھی تقسیم فرمائی۔۔۔۔
سوال::: مسکین کون ہے؟؟؟
جواب::: مسکین وہ نہیں جوایک دولقموں کی وجہ سے دربدر ٹھوکریں کھائے بلکہ مسکین وہ ہے جو لوگوں سے سوال نہ کرے اور لوگوں کو پتانہ ہو کہ یہ شخص مدد کا مستحق ہے۔۔۔۔
سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پہ آنے والے دوآدمیوں کو صدقہ کیوں نہ دیا؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صدقہ تقسیم فرمارہے تھے اتنے میں دوآدمی حاضر ہوئے،،آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا :::اگر تم چاہو تو میں تمہیں دے دوں لیکن اس میں مالدار اور وہ شخص جو طاقتور ہو اور مزدوری کر کے کما سکتا ہو اس کا کوئی حصہ نہیں۔۔۔

سوال:::زکوۃ کے مصارف بیان کریں۔۔۔

جواب:::زکوۃ کے آٹھ مصارف ہیں:::

(1)فقراء

(2)مساکین

(3)زکوۃ وصول کرنے والے

(4)غلام آزاد کروانے کے لیے

(5)قرض داروں کے لیے

(6)اللہ کے راستے میں جانے والوں کے لیے

(7)مسافر کے لیے

(8)مؤلفۃ القلوب((جو لوگ نئے نئے مسلمان ہوتے تھے ان کے دلوں میں اسلام کی محبت ڈالنے کے لیے کچھ نہ کچھ مال دیا جاتا تھا لیکن اب یہ منسوخ ہے))۔۔۔۔

## ((باب کم یعطی الرجل الواحد من الزکاۃ))

سوال:::ایک شخص کو کس قدر زکوۃ دے سکتے ہیں؟؟؟

جواب:::احناف کے نزدیک کسی شخص کو اتنی زکوۃ دینا مکروہ ہے کہ وہ خود صاحب نصاب ہو جائے لہذا نصاب کی مقدار سے کم مال دیا جائے۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسے صدقے کے اونٹوں میں سے سو اونٹ دیئے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سہل بن ابی حثمہ کو بطور دیت سو اونٹ عطا کیے۔۔۔

## ((باب ما تجوز فیہ المسألۃ))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنے اشخاص کو سوال کرنے کی اجازت عطا فرمائی؟؟؟

جواب:::تین اشخاص کے لیے رخصت عطا فرمائی:::

(1)وہ شخص جس پہ ضمانت کا بوجھ ہو جب وہ اپنی ضرورت کے مطابق حاصل کرلے تو سوال کرنے سے رک جائے۔۔۔۔
(2)وہ شخص جس کا مال کسی آفت کی وجہ سے تباہ ہوگیا وہ سوال کر سکتا ہے یہاں تک کہ اتنا سرمایہ پالے جس سے اس کا گزارہ ہو جائے۔۔۔۔
(3)وہ شخص جو فاقے سے ہو اور اس کی قوم کے تین شخص اس کے فاقے کی تصدیق کریں۔۔۔۔

سوال::: وہ واقعہ مختصراً تحریر کریں جب ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کرنے آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا کاروبار شروع کروادیا۔۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک شخص سوال کرنے آیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے پوچھا تمہارے پاس کچھ ہے؟؟؟اس نے عرض کی کمبل اور پیالہ ہے،،آپ نے لانے کا حکم دیا جب یہ دونوں چیزیں آئیں تو ایک صحابی نے انہیں دو درہم میں خرید لیا،، ایک درہم کا اس ضرورت مند نے غلہ خریدا اور دوسرے درہم کی کلہاڑی خریدی جس کا دستہ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ٹھونک کر دیا ،،چنانچہ وہ جنگل میں جاتا اور لکڑیاں کاٹ کر بیچتا کچھ عرصہ بعد وہ جب حاضر ہوا تو اس کے پاس دس دراہم موجود تھے،،نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یہ تمہارے لیے بہتر ہے اس سے کہ قیامت کے دن مانگنے کی وجہ سے تمہارے چہرے پہ کوئی داغ ہو۔۔۔۔

## ((باب کراہیۃ المسالۃ))

سوال::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بعض اشخاص سے کسی سے سوال نہ کرنے پہ بیعت لی تو انہوں نے کس قدر عمل کیا؟؟؟

جواب::: یہ بیعت کرنے کے بعد ان لوگوں کا یہ حال تھا کہ اگر ان کا کوڑا زمین پہ گر جاتا تو وہ کسی سے اتنا بھی سوال نہ کرتے کہ ہمیں اٹھا کر دے دو۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کو جنت کی ضمانت کیوں دی؟؟؟

جواب:::انہیں اس شرط پہ جنت کی ضمانت ملی تھی کہ وہ کسی سے کوئی سوال نہیں کریں گے چنانچہ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے کبھی کسی سے کوئی سوال نہ کیا۔۔۔۔

## ((باب فی الاستعفاف))

سوال:::اللہ پاک کس شخص کو سوال کرنے سے بچا لیتا ہے؟؟؟

جواب:::جو سوال کرنے سے بچنا چاہتا ہے اللہ پاک اسے بچا لیتا ہے جو شخص بے نیازی چاہتا ہے اللہ پاک اسے بے نیازی عطا فرماتا ہے اور جو شخص صبر کی توفیق مانگتا ہے اللہ پاک اسے صبر عطا فرماتا ہے۔۔۔۔

سوال:::اللہ پاک کی نعمتوں میں سے سب سے زیادہ وسعت والی نعمت کون سی ہے؟؟؟

جواب:::سب سے زیادہ وسعت والی نعمت صبر ہے۔۔۔۔

سوال:::اگر کوئی شخص فاقے کا شکار ہو تو اسے کیا کرنا چاہیے ؟؟؟

جواب:::اسے اپنا فاقہ لوگوں کے سامنے ظاہر نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اس کے بتانے سے فاقہ ختم نہیں ہو گا بلکہ اسے اللہ پاک کے سامنے اپنے فاقے کی شکایت کرنی چاہیے تو اللہ عزوجل اس کو جلد نجات عطا فرمائے گا اگرچہ موت دے کر یا غنی بنا کر۔۔۔۔

سوال:::اگر سوال کرنا مجبوری بن جائے تو کن لوگوں سے سوال کیا جائے ؟؟؟

جواب:::نیک لوگوں سے

سوال:::جب بغیر مانگے کوئی چیز ملے تو کیا اسے لے لینا چاہیے ؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::جب تمہیں بغیر مانگے کوئی چیز عطا کی جائے تو اسے کھاؤ اور صدقہ کرو۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مانگنے والے اور صدقہ کرنے والے شخص کو کس چیز سے تشبیہ دی ؟؟؟

جواب:::صدقہ کرنے والے کو اوپر والے ہاتھ سے تشبیہ دی اور مانگنے والے کو نیچے والے ہاتھ سے تشبیہ دی اور فرمایا:::اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔۔۔۔

سوال:::ہاتھ کتنی قسم کے ہیں ؟؟؟

جواب:::ہاتھ تین قسم کے ہیں:::

(1)اللہ کا ہاتھ جو سب سے اوپر ہوتا ہے۔۔۔

(2)دینے والے کا ہاتھ جو اس ((یعنی ید اللہ)) کے بعد ہے۔۔۔۔

(3)لینے والے کا ہاتھ جو سب سے نیچے ہوتا ہے۔۔۔۔

## ((باب الصدقۃ علی بنی ھاشم))

سوال:::کیا بنو ہاشم کے لیے زکوۃ لینا درست ہے ؟؟؟

جواب:::آئمہ اربعہ کے نزدیک بنو ہاشم کے لیے زکوۃ لینا جائز نہیں،،بنو ہاشم کے ساتھ ساتھ ان کے غلاموں کے لیے بھی زکوۃ لینا جائز نہیں کیونکہ قوم کا مولی انہی میں سے ہوتا ہے۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صدقہ کے مال سے کس قدر پرہیز فرماتے تھے ؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک گری ہوئی کھجور دیکھی لیکن اس خوف سے نہ لی کہ کہیں صدقہ کی نہ ہو۔۔۔۔

((باب الفقیر یھدی للغنی من الصدقۃ))

سوال:::کیا فقیر مالِ زکاۃ کا مالک بننے کے بعد بنو ہاشم کو وہ مال بطور ہدیہ دے سکتا ہے ؟؟؟

جواب:::جی ہاں کیونکہ فقیر کے قبضہ کرنے کے بعد وہ چیز صدقہ نہیں رہتی اب اگر وہ کسی کو دینا چاہے تو وہ ہدیہ ہو گی۔۔۔۔

روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں گوشت لایا گیا اور پوچھنے پہ معلوم ہوا کہ وہ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو بطور زکوۃ دیا گیا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: یہ اس کے لیے صدقہ ہے اور ہمارے لیے ہدیہ ہے۔۔۔۔

## ((باب من تصدق بصدقۃ ثم ورثھا))

سوال::: اگر صدقہ کی ہوئی چیز میراث میں لوٹ آئے تو کیا اسے لے سکتے ہیں؟؟؟

جواب::: جی ہاں،، چنانچہ ایک روایت ہے کہ ایک عورت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اور عرض کی میں نے لونڈی اپنی والدہ کو صدقے میں دی تھی اب وہ فوت ہو گئی ہیں اور وراثت میں لونڈی کو چھوڑا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تمہارا اجر واجب ہو گیا اور وہ لونڈی تمہاری جانب میراث میں پلٹ آئی۔۔۔

## ((باب فی حقوق المال))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں صحابہ کرام کس چیز کو ماعون میں شمار کرتے تھے؟؟؟

جواب::: صحابہ کرام ڈول اور دیگچی عاریتاً دینے کو ماعون میں شمار کرتے تھے۔۔۔

ماعون سے مراد عام استعمال کی ایسی چیزیں ہیں جنہیں لوگ استعمال کے لیے عاریتاً ایک دوسرے سے لیتے اور دیتے رہتے ہیں۔۔۔

سوال::: جس شخص نے مال، بکریوں اور اونٹ کا حق ادا نہ کیا ((یعنی زکوۃ نہیں دی)) تو قیامت کے دن اس کا کیا انجام ہو گا؟؟؟

جواب::: اگر کوئی شخص مال کی زکوۃ نہیں دیتا تو قیامت کے دن اس مال کو جہنم کی آگ میں گرم کر کے اس کی پیشانی، پسلی اور پیٹھ کو داغا جائے گا یہاں تک کہ اللہ پاک بندوں کے حساب سے فارغ ہو جائے گا اس کے بعد اسے جنت یا جہنم میں بھیج دیا جائے گا۔۔۔۔

اگر کوئی شخص بکریوں کی زکوۃ نہیں دیتا تو قیامت کے دن اسے ایک میدان میں لٹا دیا جائے گا اور اس کی بکریاں اپنے سینگوں سے اسے مارتی رہیں گی یہاں تک کہ قیامت کا دن جو کہ 50 ہزار سال کا ہو گا گزر جائے گا اور پھر اسے جنت یا جہنم میں بھیج دیا جائے گا۔۔۔

اسی طرح اگر کوئی شخص اپنے اونٹوں کی زکوۃ نہیں دیتا تو قیامت کے دن اسے میدان میں لٹایا جائے گا اور اس کے اونٹ موٹے ہو کر آئیں گے اور اپنے پاؤں سے اسے روندتے رہیں گے یہاں تک کہ قیامت کا دن ختم ہو جائے گا۔۔۔

سوال::: اونٹوں کے حق سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب::: اونٹوں کا حق یہ ہے کہ اللہ کی راہ میں اچھا اونٹ دیا جائے،، اونٹنی کا دودھ لوگوں کو پلایا جائے،، سواری کے لیے اونٹ دیا جائے اور جفتی کے لیے بغیر پیسوں کے اونٹ دیا جائے۔۔۔

سوال::: اگر کوئی شخص دس وسق کھجوریں توڑے تو کتنی مقدار مساکین کے لیے نکالے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: اگر کوئی شخص دس وسق کھجوریں توڑے تو ایک خوشہ مساکین کے واسطے مسجد میں لٹکا دے۔۔۔

سوال::: اگر کسی کے پاس ضرورت سے زیادہ سواری یا توشہ ہو تو اسے کیا کرنا چاہیے ؟؟؟

جواب::: اسے چاہیے کہ ضرورت سے زائد سواری اور توشہ ایسے بندے کو دے دے جس کے پاس یہ چیز نہ ہو۔۔۔

سوال::: زکوۃ کس لیے فرض کی گئی ؟؟؟

جواب::: زکوۃ اس لیے فرض کی گئی تاکہ بقیہ مال پاک ہو جائے۔۔۔

سوال::: مرد کا بہترین خزانہ کیا ہے ؟؟؟

جواب::: مرد کا بہترین خزانہ نیک عورت ہے جسے اس کا مرد دیکھے تو وہ اسے خوش کر دے اور جب حکم دے تو اس کی اطاعت کرے اور جب وہ اس کے پاس نہ ہو تو اس کی حفاظت کرے۔۔۔

سوال::: کیا کافر والدین سے اچھا سلوک کرنا چاہیے ؟؟؟

جواب::: جی ہاں،، حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کے پاس ان کی مشرکہ والدہ آئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں اپنی ماں سے صلہ رحمی کرنے کا حکم دیا۔۔۔

## ((باب مالا یجوز منعہ))

سوال::: بہیسہ نامی عورت کے والد نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا سوال کیے ؟؟؟

جواب::: ان کے والد بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قمیض مبارک اٹھا کر جسم کو بوسہ دینے لگے اور عرض کی::: وہ کون سی چیز ہے جسے روکنا جائز نہیں ؟؟؟ فرمایا::: پانی،، پھر یہی سوال عرض کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: نمک،، تیسری مرتبہ یہی سوال عرض کیا تو فرمایا::: تم جتنی نیکی کرو اتنی ہی تمہارے لیے بہتر ہے۔۔۔

## ((باب کراہیۃ المسألۃ بوجہ اللہ تعالیٰ))

سوال::: اللہ کے نام پہ کیا چیز مانگنی چاہیے ؟؟؟

جواب::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: اللہ کے نام پہ جنت کے سوا کچھ نہ مانگا جائے۔۔۔۔

اللہ کے نام پہ دنیاوی مال و متاع نہیں مانگنا چاہیے لیکن اگر کوئی شخص اللہ کے نام پہ سوال کرے تو اسے دے دینا چاہیے۔۔۔

## ((باب الرجل یخرج من مالہ))

سوال::: کیا اپنا تمام مال صدقہ کر دینا چاہیے ؟؟؟

جواب::: ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس انڈے کی مقدار کے برابر سونا لے کر حاضر ہوا اور عرض کی میرے پاس اس کے علاوہ کچھ نہیں ہے،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے منہ پھیر لیا وہ دائیں اور بائیں طرف سے بھی آیا لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نے اعراض فرمایا پھر وہ پیچھے سے آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انڈہ لے کر پھینک دیا اور فرمایا::: تم میں سے کوئی اپنا سارا مال لے کر آتا ہے اور کہتا ہے یہ صدقہ ہے پھر بیٹھ کر لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتا ہے،، بہترین صدقہ وہ ہے جس کا مالک صدقہ دے کر بھی مالدار رہے۔۔۔۔

اعتراض:::

اوپر بیان کردہ حدیث میں سارا مال صدقہ کرنے کی ممانعت ہے جبکہ غزوہِ تبوک کے موقع پہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سارا مال صدقہ کر دیا تھا۔۔۔

جواب::: ممانعت کا حکم ایسے شخص کے لیے ہے جس کا توکل کمزور ہے اور وہ شخص جو توکل و یقین میں کمال رکھتا ہو اس کے لیے اجازت ہے۔۔۔۔

## ((باب فی فضل سقی الماء))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کون سا صدقہ پسند تھا؟؟؟

جواب::: حضرت سعد رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کی آپ کو کون سا صدقہ زیادہ پسند ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: پانی

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی::: یا رسول اللہ ام سعد رضی اللہ عنہا فوت ہو گئی ہیں تو کون سا صدقہ افضل ہے؟؟؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا::: پانی،، پھر انہوں نے کنواں کھدوایا اور فرمایا::: یہ سعد کی ماں کے لیے ہے۔۔۔۔

سوال::: ننگے کو کپڑا پہنانے، بھوکے کو کھانا کھلانے اور پیاسے کو پانی پلانے کا کیا ثواب ہے؟؟؟

جواب::: جس نے کسی ننگے کو کپڑا پہنایا اللہ عزوجل اس کو جنت کے سبز کپڑے پہنائے گا،، جو کسی بھوکے مسلمان کو کھانا کھلائے تو اللہ عزوجل اس کو جنت کے پھل کھلائے گا اور جو کسی پیاسے مسلمان کو پانی پلا دے تو اللہ پاک اس کو جنت کی شراب پلائے گا۔۔۔

## ((باب فی المنیحۃ))

سوال::: منیحۃ کا کیا مطلب ہے؟؟؟

جواب::: منیحہ عطیہ اور ہدیہ کی ایک خاص صورت ہے جس میں کوئی چیز کسی کو نفع حاصل کرنے کے لیے دی جاتی ہے مالک نہیں بنایا جاتا،، منیحۃ اللبن یہ ہوتا ہے کہ دودھ والا جانور کسی کو دینا تاکہ وہ دودھ سے نفع اٹھائے۔۔۔

سوال::: چند اچھے خصائل بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: اعلی دودھ والی بکری کسی کو دینا تاکہ وہ اس دودھ سے فائدہ اٹھائے،، سلام کا جواب دینا،، چھینک کا جواب دینا،، اور اذیت دینے والی چیز کو راستے سے ہٹانا۔۔۔

## ((باب اجر الخازن))

سوال::: امانت دار خزانچی کون ہے ؟؟؟

جواب::: وہ شخص جو خوشی خوشی اس شخص کو مال دے دے جسے دینے کا مالک نے حکم دیا اور پورا پورا دے جتنا مال دینے کا حکم دیا گیا تو وہ امانت دار خزانچی ہے اور صدقہ کرنے والوں کی مانند ہے۔۔۔

## ((باب المرأۃ تتصدق من بیت زوجھا))

سوال::: کیا عورت اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر اس کے مال سے صدقہ کر سکتی ہے ؟؟؟

جواب::: بیوی شوہر کی اجازت کے بغیر صدقہ نہیں کر سکتی،، اگر وہ چیز اتنی مقدار میں ہے کہ اگر شوہر کو پتہ چلا تو وہ ناراض نہیں ہوگا تو اجازت عرفی کے مطابق اتنی مقدار دینا جائز ہے اور اس صورت میں شوہر کی اجازت کے بغیر صدقہ کرنے سے عورت کو نصف اجر ملے گا۔۔۔

چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جب عورت اپنے شوہر کی محنت کی کمائی سے اس کے حکم کے بغیر صدقہ کرے تو اس کے لیے شوہر کی بدولت نصف اجر ہے۔۔۔

## ((باب فی صلۃ الرحم))

سوال::: جب یہ آیت """لَن تَنَالُوا الْبِرَّ حَتَّىٰ تُنفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ""" نازل ہوئی تو حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے کیا چیز وقف کی ؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے اپنی اریحاء کی زمین وقف کردی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: اسے اپنے رشتہ داروں میں تقسیم کردو انہوں نے اس کو حضرت حسان بن ثابت اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہما میں تقسیم کردیا۔۔۔

سوال::: حضرت ابو طلحہ کی حضرت ابی بن کعب اور حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہم کے ساتھ کیا رشتہ داری تھی ؟؟؟

جواب::: حضرت ابو طلحہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہما کے ساتھ تیسری پشت میں مل جاتے ہیں جبکہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے ساتھ چھٹی پشت میں مل جاتے ہیں۔۔۔

سوال::: جب حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے لونڈی آزاد کی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر آپ یہ اپنے ننھیال کو دے دیتیں تو زیادہ اجر حاصل ہوتا۔۔۔

سوال::: صلہ رحمی کی فضیلت بیان کریں۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جسے پسند ہو کہ اس کا رزق وسیع ہو اور عمر لمبی ہو تو اسے چاہیے صلہ رحمی کرے۔۔۔

سوال::: قطع رحمی کی وعید بیان کریں۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا قطع رحمی کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔۔۔

## ((باب فی الشح))

سوال::: حرص کس قدر خطرناک چیز ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا::: حرص سے خود کو بچاؤ کیونکہ سابقہ امتیں اس کی وجہ سے ہلاک ہوئیں،، اس نے ان کو بخل کا حکم دیا تو وہ بخل کرنے لگے ان کو قطع رحمی کا حکم دیا تو وہ قطع رحمی کرنے لگ گئے،، ان کو فسق وفجور کا حکم دیا تو وہ فسق وفجور میں پڑ گئے۔۔۔

سوال::: کیا صدقہ شمار کرکے دینا چاہیے؟؟؟

جواب::: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے صدقات کو شمار کیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: دے دیا کرو اور شمار نہ کیا کرو ورنہ تم کو بھی رزق شمار کرکے دیا جائے گا۔۔۔

## ((کتاب النکاح))

سوال::: نکاح کا لغوی اور شرعی معنی تحریر کریں۔۔۔

جواب::: لغت میں نکاح کا مطلب """جمع کرنا اور ملانا""" ہے،، شریعت میں نکاح اس عقد کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ سے کسی عورت کے جسم سے فائدہ اٹھانے کا مالک بنایا جاتا ہے۔۔۔

سوال::: نکاح کیوں کرنا چاہیے؟؟؟

جواب::: جو شخص نکاح کرنے کی استطاعت رکھتا ہو اسے نکاح کرلینا چاہیے کیونکہ اس سے نگاہوں اور شرمگاہ کی حفاظت رہتی ہے اور جو نکاح کی استطاعت نہیں رکھتا اسے روزے رکھنے چاہیے اس کی وجہ سے وہ برائی سے باز رہے گا۔۔۔

# ((باب مایؤمر بہ من تزویج ذات الدین))

سوال::: کن خصلتوں کی بنا پہ کسی عورت سے نکاح کیا جاتا ہے نیز ہمیں کسے ترجیح دینی چاہیے؟؟؟

جواب::: چار خصلتوں کی وجہ سے کسی عورت سے نکاح کیا جاتا ہے::: مال، حسب ونسب، حسن وجمال، اور دین،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دین کو ترجیح دینے کا حکم فرمایا۔۔۔

## ((باب فی تزویج الابکار))

سوال::: جب حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ثیبہ عورت سے نکاح کیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: کنواری سے نکاح کیوں نہیں کیا؟؟ تاکہ تم اس سے کھیلتے اور وہ تم سے کھیلتی۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیسی عورت سے نکاح کرنے کا حکم دیا؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::ایسی عورت سے نکاح کرو جو محبت کرنے والی ہو، بچے پیدا کرنے والی ہو تا کہ میں تمہاری کثرت کی وجہ سے دوسری امتوں پہ فخر کروں۔۔۔

## ((باب فی قولہ تعالیٰ الزانی لاینکح الازانیۃ))

سوال:::حضرت مرثد بن ابی مرثد رضی اللہ عنہ نے کس عورت سے نکاح کرنا چاہا؟؟؟

جواب:::انہوں نے عناق نامی عورت سے نکاح کرنا چاہا جو مکہ مکرمہ میں ایک فاحشہ عورت تھی،، یہ بات انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی تو آپ نے سکوت فرمایا پھر یہ آیت نازل ہوئی :::

اَلزَّانِیۡ لَا یَنۡکِحُ اِلَّا زَانِیَۃً اَوۡ مُشۡرِکَۃً ۫ وَّ الزَّانِیَۃُ لَا یَنۡکِحُہَاۤ اِلَّا زَانٍ اَوۡ مُشۡرِکٌ ۚ

ترجمہ کنزالعرفان:::

زنا کرنے والا مرد بدکار عورت یا مشرکہ سے ہی نکاح کرے گا اور بدکار عورت سے زانی یا مشرک ہی نکاح کرے گا۔۔۔

اس آیت کے نزول کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں فاحشہ عورت """عناق""" سے نکاح کرنے سے روک دیا۔۔۔

## ((باب فی الرجل یعتق امتہ الخ))

سوال:::وہ شخص جس نے اپنی لونڈی آزاد کر کے اس سے نکاح کیا اس کے لیے کیا فضیلت ہے؟؟؟

جواب:::اس کے لیے دوہرا اجر ہے۔۔۔

سوال:::کیا عورت کو آزاد کرنا اس کا حق مہر بن سکتا ہے؟؟؟

جواب:::اگر کوئی شخص کسی لونڈی کو آزاد کر کے اس سے نکاح کرے تو یہ آزادی حق مہر نہیں ہو گی بلکہ مہر مثلی دینا پڑے گا۔۔۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کی آزادی کو ان کا حق مہر ٹھہرایا تھا یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصیت ہے۔۔۔

## ((باب یحرم من الرضاعۃ الخ))

سوال:::رضاعت سے کون سے رشتے حرام ہو جاتے ہیں؟؟؟

جواب:::جو رشتے نسب سے حرام ہوتے ہیں وہ رضاعت سے بھی حرام ہو جاتے ہیں۔۔۔

سوال:::درہ بنت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا رشتہ تھا؟؟؟

جواب:::وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رضاعی بھائی ابو سلمہ کی بیٹی تھیں۔۔۔

## ((باب فی لبن الفحل))

سوال:::فلح بن ابی قعیس کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کیا رشتہ تھا؟؟؟

جواب:::یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے رضاعی چچا تھے کیونکہ یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے رضاعی باپ کے نسبی بھائی تھے،،اسی وجہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ سے فرمایا:::وہ آپ کا چچا ہے اور آپ کے پاس آسکتا ہے۔۔۔

## ((باب فی رضاعۃ الکبیر))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے رضاعت کبیر کے حوالے سے کیا فرمایا؟؟؟

جواب:::ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے ان کے پاس ایک شخص بیٹھا ہوا تھا،،آپ ﷺ کو یہ بات ناگوار گزری اور آپ کا چہرہ متغیر ہو گیا،،عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا:::اللہ کے رسول!!!یہ تو میرا رضاعی بھائی ہے،،آپ ﷺ نے فرمایا:::اچھی طرح دیکھ لو کون تمہارا بھائی ہے؟؟؟کیونکہ رضاعت تو غذا سے ثابت ہوتی ہے۔۔۔

یعنی حرمت اس رضاعت سے ثابت ہوتی ہے جو بچپن کی ہو اور دودھ ہی اس کی غذا ہو۔۔۔

سوال:::اگر بالغ شخص کسی عورت کا دودھ پی لے تو کیا اس سے رضاعت ثابت ہو جائے گی؟؟؟

جواب:::جی نہیں،،اگر بچے کو دو یا اڑھائی سال سے پہلے پہلے دودھ پلایا جائے تو اسی سے رضاعت ثابت ہوتی ہے۔۔۔

## ((باب من حرم بہ))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسے اپنا منہ بولا بیٹا بنایا ہوا تھا؟؟؟

جواب:::حضرت زید رضی اللہ عنہ کو

سوال:::ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کسے اپنا متبنی بنایا ہوا تھا؟؟؟

جواب:::حضرت سالم رضی اللہ عنہ کو اور ان کا نکاح اپنی بھتیجی ہندبنت ولید بن عتبہ سے کروایا ہوا تھا۔۔۔

سوال:::ایسی کون سی خصوصیت ہے جو صرف سالم رضی اللہ عنہ کے لیے ثابت ہے؟؟؟

جواب:::بالغ شخص اگر کسی عورت کا دودھ پی لے تو رضاعت ثابت نہیں ہوتی البتہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ کی بیوی حضرت سہلہ رضی اللہ عنہا کو حکم دیا تھا کہ وہ سالم کو اپنا دودھ پلا کر رضاعی بیٹا بنالیں اور انہوں نے ایسا ہی کیا حالانکہ حضرت سالم رضی اللہ عنہ اس وقت جوان تھے اور یہ خصوصیت صرف انہی کے لیے ہے۔۔۔

## ((باب ھل یحرم مادون خمس رضعات))

سوال:::رضاعت کتنی چسکیوں سے ثابت ہوتی ہے؟؟؟

جواب:::امام احمد اور امام شافعی کے نزدیک رضاعت پانچ چسکیوں سے ثابت ہوتی ہے دلیل یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:::پہلے قرآن پاک میں یہ حکم نازل ہوا تھا کہ 10 چسکیوں سے حرمت ثابت ہوتی ہے پھر وہ منسوخ ہو گیا اور پانچ چسکیوں سے حرمت ثابت ہونے کا حکم آیا۔۔۔

احناف اور مالکیہ کے نزدیک ایک چسکی سے بھی رضاعت ثابت ہو جاتی ہے۔۔۔۔

## ((باب مایکرہ ان یجمع الخ))

سوال:::کن دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں؟؟؟

جواب:::اس حوالے سے علماء نے ایک اصول بیان کیا ہے کہ ہر وہ دو عورتیں جن میں سے ایک کو مرد فرض کیا جائے تو ان دونوں کا آپس میں نکاح حرام ہو ایسی دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں۔۔۔

مثلا:::دو بہنوں کو جمع کرنا، پھپھی اور بھتیجی کو جمع کرنا، خالہ اور بھانجی کو جمع کرنا وغیرہ

سوال:::جب حضرت عروہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس فرمان """وَاِنۡ خِفۡتُمۡ اَلَّا تُقۡسِطُوۡا فِى الۡيَتٰمٰى فَانْكِحُوۡا مَا طَابَ لَـكُمۡ مِّنَ النِّسَآءِ""" کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے کیا جواب دیا؟؟؟

جواب:::آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:::یہ وہ یتیم لڑکی ہے جو اپنے ولی کی پرورش میں ہو اور ولی اس کے مال میں شراکت دار ہو،، اسے اس کا مال اور حسن وجمال پسند آئے اور وہ اس سے نکاح کرنا چاہے،، اگر اتنا مہر ادا نہ کرے جتنا کوئی دوسرا دے سکتا ہے تو اس کے ساتھ نکاح کرنے سے منع کر دیا البتہ اگر وہ انصاف کرے اور زیادہ حق مہر ادا کرے تو پھر نکاح کی اجازت ہے۔۔۔۔

سوال:::حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی زندگی میں کسے نکاح کا پیغام بھیجا اور اس پہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب:::آپ رضی اللہ عنہ نے ابو جہل کی بیٹی کو نکاح کا پیغام بھیجا،، اس پہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::میں حلال کو حرام نہیں ٹھہراتا اور نہ ہی حرام کو حلال ٹھہراتا ہوں لیکن اللہ کی قسم رسول اللہ کی صاحبزادی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی کبھی بھی ایک مقام پر جمع نہیں ہو سکتیں۔۔۔ ایک اور روایت میں ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::اگر علی بن ابی طالب ابو جہل کی بیٹی سے نکاح کا ارادہ رکھتے ہیں تو پھر میرے صاحبزادی کو طلاق دے دیں اور اس کی بیٹی سے نکاح کر لیں بے شک میری بیٹی میرے جسم کا ٹکڑا ہے جو چیز اسے تکلیف دیتی ہے وہ مجھے تکلیف دیتی ہے۔۔۔۔

## ((باب فی نکاح المتعۃ))

سوال:::نکاح متعہ کی تعریف کریں۔۔۔۔

جواب:::مخصوص مال کے عوض مخصوص مدت تک عورت سے نفع حاصل کرنا متعہ کہلاتا ہے۔۔۔۔

سوال::: کب نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نکاح متعہ سے منع کیا؟؟؟

جواب::: حجۃ الوداع کے موقع پہ

## ((باب فی الشغار))

سوال::: نکاح شغار کا لغوی و شرعی معنی بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: لغوی معنی:::

شغار کا مطلب ہے """اٹھانا"""،،جب کتا پیشاب کے لیے ٹانگ اٹھاتا ہے تو کہتے ہیں """شغر الکلب"""

اس کا ایک معنی خالی ہونے کے بھی ہیں تو چونکہ یہ نکاح مہر سے خالی ہوتا ہے اس لیے نکاح شغار کہتے ہیں۔۔۔۔

شرعی معنی:::

ایک شخص نے اپنی لڑکی یا بہن کا نکاح کسی سے کر دیا اور دوسرے نے اپنی بیٹی یا بہن کا نکاح اس سے کر دیا اور ہر ایک کا حق مہر دوسرے کا نکاح ہے۔۔۔۔

سوال::: نکاح شغار کا کیا حکم ہے؟؟؟اختلاف آئمہ بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس منع فرمایا۔۔۔۔

اب علماء میں یہ اختلاف ہے کہ آیا اس نہی سے نکاح باطل ہو جاتا ہے یا نہیں؟؟؟

امام شافعی اور امام احمد کے نزدیک یہ نکاح باطل ہے،،امام مالک سے ایک روایت یہ ہے کہ دخول سے پہلے نکاح فسخ ہو گا اور دخول کے بعد فسخ نہیں ہو گا ایک اور روایت ہے کہ ہر صورت میں نکاح فسخ ہو گا جبکہ امام اعظم کے نزدیک یہ نکاح درست ہو گا اور مہر مثلی لازم ہو گا۔۔۔۔

## ((باب فی التحلیل))

سوال::: حلالہ کی تعریف کریں۔۔۔۔

جواب::: جو شخص مطلقہ عورت سے اس لیے نکاح کرتا ہے تاکہ وہ اس سے دخول کر کے طلاق دے اور وہ عورت پہلے شوہر کے لیے حلال ہو جائے حلالہ کہلاتا ہے۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حلالہ کرنے والے اور کروانے والے پہ لعنت کیوں فرمائی؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حلالہ کرنے والے اور کروانے والے پہ لعنت کی،،لعنت اس شخص پر ہو گی جو چند دن کے لیے اس نکاح کے ذریعے اپنی شہوت پوری کرنا چاہتا ہو البتہ جس شخص نے یہ نکاح اپنے مسلمان بھائی کی مدد کے لیے کیا اور نکاح کے وقت ایسی کوئی شرط نہیں رکھی گئی تھی کہ دخول کے بعد طلاق دے دی جائے گی تو اس صورت میں گناہ نہیں ہو گا۔۔۔۔

((باب فی نکاح العبد بغیر اذن موالیہ))

سوال::: کیا غلام اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کر سکتا ہے؟؟؟اختلاف آئمہ بھی بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جس غلام نے اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کیا تو وہ زانی ہے۔۔۔۔

اختلاف آئمہ:::

امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے نزدیک اگر غلام اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کرے گا تو یہ نکاح فاسد ہوگا،، احناف اور مالکیہ کے نزدیک یہ نکاح آقا کی اجازت پہ موقوف ہوگا اگر نکاح کے بعد وہ اجازت دے دے تو صحیح ہے۔۔۔۔

((باب فی کراھیۃ ان یخطب الرجل الخ))

سوال:::کیا کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے پیغام دینے والی جگہ پہ نکاح کا پیغام دے سکتا ہے؟؟؟

جواب:::اس سے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ کوئی آدمی اپنے بھائی کے پیغام کی جگہ پہ اپنا پیغام نہ دے۔۔۔۔

## ((باب فی الولی))

سوال:::کیا ولی کی اجازت کے بغیر عورت کا نکاح ہوسکتا ہے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::جو عورت اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے وہ باطل ہے،، تین مرتبہ ایسا فرمایا۔۔۔

آگے آئمہ کرام کا اختلاف ہوگیا ہے،، مالکیہ، شوافع اور حنابلہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ولی کی اجازت کے بغیر عورت اپنا نکاح نہیں کرسکتی۔۔۔۔

احناف کے نزدیک بالغہ عورت ولی کی اجازت کے بغیر اپنا نکاح خود کرسکتی ہے،، جس حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ ولی کی اجازت کے بغیر نکاح نہیں ہوتا وہاں سے نابالغ بچی مراد ہے۔۔۔۔

سوال:::حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پہلے شوہر کا نام کیا تھا؟؟؟

جواب:::آپ رضی اللہ عنہا کے پہلے شوہر کا نام عبیداللہ بن جحش تھا جو کہ حبشہ میں مرتد ہوگیا تھا۔۔۔۔

سوال:::حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نکاح کس نے پڑھایا؟؟؟

جواب:::نجاشی بادشاہ نے

## ((باب الرجل ینظر الی المرأۃ وھو یرید تزوجھا))

سوال:::کیا کوئی شخص ایسی عورت کو نکاح سے پہلے دیکھ سکتا ہے جس سے نکاح کا ارادہ ہو؟؟؟

جواب:::جی ہاں،، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::جب تم میں سے کوئی شخص کسی عورت کو نکاح کا پیغام بھیجے تو اگر اس کو دیکھنے کی استطاعت رکھتا ہو تو دیکھ لیا کرے۔۔۔۔

آئمہ اربعہ کے نزدیک یہ دیکھنا مستحب ہے جبکہ کچھ علماء کے نزدیک دیکھنا مکروہ ہے لیکن ان کا قول خطا پہ مبنی ہے۔۔۔۔

## ((باب فی العضل))

سوال::: آیت """وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ یَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَیْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ""" کا شان نزول بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی ایک ہی بہن تھی انہوں نے اس کا نکاح اپنے چچازاد بھائی سے کر دیا لیکن اس نے انہیں طلاق رجعی دی اور رجوع نہیں کیا حتی کہ عدت پوری ہو گئی،، دوبارہ چچازاد بھائی نے نکاح کا پیغام بھیجا تو حضرت معقل رضی اللہ عنہ نے اللہ کی قسم اٹھائی کہ اب دوبارہ تمہارا اس سے نکاح نہیں کروں گا پھر یہ آیت نازل ہوئی :::

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ یَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَیْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ

ترجمہ کنزالعرفان:::

اور جب تم عورتوں کو طلاق دو اور ان کی (عدت کی) مدت پوری ہو جائے تو اے عورتوں کے والیو!!! انہیں اپنے شوہروں سے نکاح کرنے سے نہ روکو جب کہ آپس میں شریعت کے موافق رضامند ہو جائیں۔۔۔۔

حضرت معقل رضی اللہ عنہ نے اپنی قسم کا کفارہ ادا کیا اور بہن کا نکاح اپنے چچازاد بھائی سے کر دیا۔۔۔

## ((باب اذا انکح الولیان))

سوال::: اگر کسی عورت کے دو ولی ہیں اور انہوں نے الگ الگ جگہ پہ اس کا نکاح کر دیا تو کس کا نکاح نافذ ہو گا؟؟؟

جواب::: جس نے نکاح پہلے کروایا ہو گا اسی کا نافذ ہو گا البتہ اگر دونوں نے ایک ہی وقت میں مختلف جگہوں پہ نکاح کروایا تو دونوں نکاح منسوخ ہوں گے۔۔۔۔

## ((باب فی قولہ تعالٰی """لا یحل لکم ان ترثوا النساء"""))

سوال::: مندرجہ ذیل آیت کیوں نازل ہوئی؟؟؟

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ؕ- وَ لَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَاۤ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ

جواب::: جب کوئی شخص فوت ہوتا تو اس کے ولی یہ سمجھتے کہ ہم عورت کے زیادہ حقدار ہیں لہذا اگر وہ چاہتے تو اس کا نکاح کر دیتے اگر نہ چاہتے تو نہ کرتے،، اسی بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:::

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ؕ- وَ لَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَاۤ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ

ترجمہ کنزالعرفان:::

اے ایمان والو!!! تمہارے لئے حلال نہیں کہ تم زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ اور عورتوں کو اس نیت سے نہ روکو کہ جو مہر تم نے انہیں دیا تھا اس میں سے کچھ لے لو۔۔۔۔

## ((باب فی الاستئمار))

سوال::: کیا عورت کی اجازت کے بغیر اس کا نکاح ہو سکتا ہے؟؟؟

جواب::: جی نہیں بلکہ اجازت لینا ضروری ہے،، ثیبہ عورت سے صراحتاً اجازت لی جائے گی جبکہ باکرہ اگر خاموش رہتی ہے تو یہ بھی اس کی طرف سے اذن ہے۔۔۔۔

## ((باب فی البکر یزوجھا ابوھا الخ))

سوال::: اگر کسی بالغہ لڑکی کا باپ اس کی اجازت کے بغیر نکاح کر دے تو کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: یہ نکاح فضولی ہو گا اس میں لڑکی کو اختیار ہے چاہے تو قبول کر لے یا رد کر دے۔۔۔۔

## ((باب فی الثیب))

سوال::: """ایم""" سے کون سی عورت مراد ہے؟؟؟

جواب::: اس سے مراد وہ عورت ہے جس کا شوہر نہ ہو۔۔۔۔

سوال::: جب حضرت خنساء بنت خذام کا نکاح ان کے والد نے ان کی پسند کے بغیر کر دیا تو انہوں نے کس سے شکایت کی؟؟؟

جواب::: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شکایت کی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس نکاح کو رد فرما دیا۔۔۔۔

## ((باب فی الاکفاء))

سوال::: شادی کرتے ہوئے کفو میں کس چیز کا اعتبار کیا جائے گا؟؟؟

جواب::: حنابلہ، شوافع اور مالکیہ کے نزدیک کفو میں محض دین کا اعتبار ہو گا ان کی دلیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے :::

اے بنی بیاضہ کے لوگو!!! ابو ہند سے ((اپنی بچیوں کی)) شادی کرواور ((ان کی بچیوں سے شادی کرنے کے لیے)) تم انہیں نکاح کا پیغام دو۔۔۔۔

احناف کے نزدیک کفو میں دین، نسب، پیشہ، حریت، مال، دیانت کا اعتبار کیا جائے گا۔۔۔۔

سوال::: حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے کسے حبر الامہ کہا؟؟؟

جواب::: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو

## ((باب فی تزویج من لم یولد))

سوال::: کیا کسی لڑکی کا اس کی پیدائش سے قبل نکاح کرنا درست ہے؟؟؟

جواب::: جی نہیں

سوال::: قتیر کا کیا مطلب ہے؟؟؟

جواب::: بڑھاپا

## ((باب الصداق))

سوال::: ایک نش کی کتنی مقدار ہوتی ہے؟؟؟

جواب::: نصف اوقیہ

سوال::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات اور صاحبزادیوں کا حق مہر کتنا تھا؟؟؟

جواب::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات اور صاحبزادیوں کا حق مہر بارہ اوقیہ سے زیادہ نہیں تھا۔۔۔

سوال::: نجاشی بادشاہ نے جب حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا تھا تو کتنا حق مہر دیا؟؟؟

جواب::: نجاشی نے اپنی طرف سے چار ہزار درہم دیے تھے جسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبول فرمایا۔۔۔

سوال::: حضرت شرحبیل کی والدہ کا نام کیا تھا؟؟؟

جواب::: حسنہ

## ((باب قلۃ المھر))

سوال::: حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی کا کتنا حق مہر مقرر کیا؟؟؟

جواب::: ایک گٹھلی کے برابر سونا

سوال::: مہر کی کم از کم مقدار کتنی ہے؟؟؟

جواب::: احناف کے نزدیک حق مہر کی کم از کم مقدار دس دراہم ہے۔۔۔۔

شوافع اور حنابلہ کے نزدیک ہر وہ چیز جو مال بننے کی صلاحیت رکھتی ہو حق مہر بن سکتی ہے دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جس نے کسی عورت کو مہر میں مٹھی بھر ستو یا کھجوریں دے دیں تو وہ اس کے لیے حلال ہو جائے گی۔۔۔

## ((باب فی التزویج علی العمل یعمل))

سوال::: کیا بیوی کو کچھ سورتیں حفظ کروانا اس کا حق مہر بن سکتا ہے؟؟؟

جواب::: احناف کے نزدیک یہ جائز نہیں البتہ بقیہ آئمہ کے نزدیک درست ہے،، دلیل یہ ہے کہ ایک دفعہ ایک عورت نے آکر عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے اپنا نفس آپ کو ہبہ کر دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاموش رہے اتنے میں ایک شخص نے کھڑے

ہو کر اس عورت سے نکاح کرنے کی خواہش ظاہر کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے حق مہر کے بارے میں پوچھا لیکن ان کے پاس کچھ نہیں تھا،، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: کیا تمہیں کچھ قرآن کریم یاد ہے اس نے عرض کی جی ہاں تو فرمایا::: اس کو بیس آیات سکھا دو یہ تمہاری بیوی ہے۔۔۔۔

## ((باب فیمن تزوج ولم یسم صداقا حتی مات))

سوال::: سب سے بہتر نکاح کون سا ہے ؟؟؟

جواب::: بہتر نکاح وہ ہوتا ہے جو سب سے آسان ہو۔۔۔

## ((باب فی خطبۃ النکاح))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام کو نکاح کے لیے کون سا خطبہ سکھایا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مندرجہ ذیل خطبہ سکھایا :::

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَسْتَعِینُہُ وَنَسْتَغْفِرُہُ وَنَعُوذُ بِہِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا، مَنْ یَھْدِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہُ وَمَنْ یُضْلِلْ فَلَا ھَادِيَ لَہُ، وَأَشْھَدُ أَنْ لَا إِلٰہَ إِلَّا اللّٰہُ وَأَشْھَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہُ وَرَسُولُہُ، یَاأَیُّھَا الَّذِینَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِہِ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیبًا سورۃ النساء آیۃ 1، یَاأَیُّھَا الَّذِینَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقَاتِہِ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ سورۃ آل عمران آیۃ 102، یَاأَیُّھَا الَّذِینَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِیدًا 70 یُصْلِحْ لَکُمْ أَعْمَالَکُمْ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوبَکُمْ وَمَنْ یُطِعِ اللّٰہَ وَرَسُولَہُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیمًا 71 سورۃ الأحزاب آیۃ

سوال::: کیا نکاح کا خطبہ پڑھنا ضروری ہے ؟؟؟

جواب::: جی نہیں بلکہ یہ سنت ہے اور اس کے بغیر بھی نکاح ہو سکتا ہے چنانچہ ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ کی پھوپھی حضرت امامہ بنت عبد المطلب سے نکاح کے بارے میں پیغام دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بغیر خطبہ کے نکاح پڑھا دیا۔۔۔۔

## ((باب فی تزویج الصغار))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کس عمر میں نکاح کیا؟؟؟

جواب::: جب نکاح فرمایا اس وقت ان کی عمر چھ یا سات سال تھی اور جب دخول فرمایا تو ان کی عمر 9 سال تھی۔۔۔۔

## ((باب فی المقام عند البکر))

سوال::: اگر کسی نے دوسرا نکاح کیا تو اس کے پاس کتنے دن ٹھہرے گا نیز اس کے بعد باقی بیویوں کے ہاں کتنے دن قیام کرے گا؟؟؟

جواب::: احناف کے علاوہ آئمہ ثلاثہ کے نزدیک اگر کسی نے دوسرا نکاح کیا اور وہ دوسری بیوی ثیبہ تھی تو اس کے پاس تین دن ٹھہرے گا اور اگر کنواری تھی تو اس کے پاس سات دن ٹھہرے گا اور اس کے بعد باری باری ہر بیوی کے ساتھ معمول کے مطابق رہنا شروع کرے گا۔۔۔

احناف کے نزدیک نئی اور پرانی بیویوں کے درمیان ایسی تقسیم نہیں ہے بلکہ جتنے دن نئی بیوی کے ساتھ ٹھہرے گا تو پرانی بیویوں کے ساتھ بھی اتنے اتنے دن ٹھہرے گا۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کرنے کے بعد ان کے پاس کتنی راتیں قیام فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین راتیں قیام فرمایا۔۔۔

## ((باب فی الرجل یدخل الخ))

سوال::: کیا شوہر مہر ادا کرنے سے پہلے بیوی سے دخول کر سکتا ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں دخول سے پہلے حق مہر ادا کرنا ضروری نہیں ہے البتہ اگر عورت چاہے تو حق مہر لینے سے پہلے شوہر کو وطی کرنے سے روک سکتی ہے۔۔۔

سوال::: جب حضرت علی اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما کا نکاح ہوا تو رخصتی کے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی سے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو کچھ دیں تو انہوں نے عرض کی میرے پاس کچھ نہیں تو فرمایا ::: آپ کی حطمی زرہ کدھر ہے؟؟

## ((باب مایقال للمتزوج))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شادی کرنے والے کو کیا دعا دیتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے :::

بارک اللہ لک وبارک علیک وجمع بینکما فی خیر

ترجمہ:::

اللہ تمہیں برکت دے اور تم دونوں کو خیر پر جمع کرے۔۔۔

## ((باب فی الرجل یتزوج المرأۃ الخ))

سوال::: بصرہ بن اکثم نے جب ایک باکرہ عورت سے نکاح کیا تو اسے کس حالت میں پایا؟؟؟

جواب::: آپ جب اس کے قریب گئے تو دیکھا وہ حاملہ تھی۔۔۔

سوال::: اگر عورت بغیر شوہر یا مالک کے حاملہ ہو جائے تو اسے کس صورت میں کوڑے مارے جائیں گے؟؟؟

جواب::: اگر عورت زنا کا اعتراف کر لے تو اسے کوڑے مارے جائیں گے۔۔۔

## ((باب فی القسم بین النساء))

سوال:::اگر کوئی شخص اپنی بیویوں میں برابری نہ کرے تو وہ قیامت کے دن کس حالت میں آئے گا؟؟؟

جواب:::اگر کسی شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ ان میں سے کسی ایک کی طرف مائل ہو تو حشر کے دن وہ اس حالت میں آئے گا کہ اس کا جسم ایک طرف سے جھکا ہو گا۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیویوں میں عدل کرنے کے باوجود کیا دعا مانگتے تھے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا مانگتے تھے :::

اے اللہ یہ میری تقسیم ان چیزوں میں ہے جو میرے بس میں ہیں،،وہ بات جو میرے بس سے باہر ہے ((یعنی دل کا کسی ایک بیوی کی طرف مائل ہونا)) تو اس میں مجھے ملامت نہ کرنا۔۔۔۔

سوال:::کس زوجہ مطہرہ نے اپنی باری کا دن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ہبہ کر دیا تھا؟؟؟

جواب:::حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر ایک زوجہ کی باری کے دن دوسری کے پاس تشریف لے جانا چاہتے تو اس کا کیا طریقہ کار ہوتا تھا؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سے اجازت لیتے تھے۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے مرض وفات کے ایام کس بیوی کے ہاں گزارے؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرض وفات کے ایام حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گزارے اور تمام بیویوں سے اس چیز کی اجازت بھی لی تھی۔۔۔۔

سوال:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سفر پہ جاتے تو کس بیوی کو ساتھ لے کر جاتے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ازواج مطہرات کے درمیان قرعہ اندازی کرتے اور جس کا نام نکلتا اسی بیوی کو ساتھ لے کر جاتے۔۔۔۔

## ((باب فی الرجل یشترط لھا دارھا))

سوال:::کس شرط کو پورا کرنا زیادہ ضروری ہے؟؟؟

جواب:::جو شرط عقد نکاح کے وقت لگائی جائے اس کا پورا کرنا زیادہ ضروری ہے۔۔۔۔

سوال:::اگر نکاح کے وقت یہ شرط لگائی گئی کہ شوہر عورت کو اس کے گھر سے باہر نہیں نکالے گا تو کیا اس کا پورا کرنا ضروری ہے؟؟؟

جواب:::جی ہاں

## ((باب فی حق الزوج علی المرأۃ))

سوال::: حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ نے حیرہ میں کیا دیکھا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ وہاں لوگ اپنے سردار کو سجدہ کر رہے تھے تو ان کے دل میں یہ بات پیدا ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدے کے زیادہ حقدار ہیں۔۔۔

سوال::: اگر خدا کے علاوہ کسی کو سجدہ کرنے کا حکم دیا جاتا تو کسے دیا جاتا؟؟؟

جواب::: اگر خدا کے علاوہ کسی کو سجدہ کرنا جائز ہوتا تو عورت کو حکم دیا جاتا وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے۔۔۔

سوال::: اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو بستر پہ بلائے اور وہ نہ آئے تو اس کے لیے کیا وعید ہے؟؟؟

جواب::: اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو بستر پہ بلائے اور وہ نہ آئے اور وہ شخص ناراضگی کی حالت میں رات بسر کرے تو فرشتے صبح تک اس عورت پہ لعنت کرتے رہتے ہیں۔۔۔

## ((باب فی حق المرأۃ علی زوجھا))

سوال::: بیویوں کے حقوق بیان کریں۔۔۔

جواب::: شوہر جو خود کھائے اپنی بیوی کو کھلائے، جیسا کپڑا خود پہنے ویسا بیوی کو پہنائے،

چہرے پہ نہ مارے، برا بھلا نہ کہے، اگر ناراض ہو تو اسے گھر سے نہ نکالے بلکہ گھر میں ہی رہنے دے اور اس کا بستر الگ کر دے۔۔۔

## ((باب فی ضرب النساء))

سوال::: کیا شوہر سے بیوی کو مارنے کی وجہ سے سوال کیا جائے گا؟؟؟

جواب::: اگر شوہر بیوی کو بلا وجہ نہ مارے بلکہ اصلاح کے لیے مارے تو اس کی پکڑ نہیں ہو گی۔۔۔

## ((باب مایؤمر بہ من غض البصر))

سوال::: اگر نامحرم پہ اچانک نظر پڑ جائے تو کیا کرنا چاہیے؟؟؟

جواب::: اگر نامحرم پہ اچانک نظر پڑ جائے تو اسے پھیر لینا چاہیے کیونکہ غلطی سے پہلی دفعہ دیکھنا معاف ہے دوسری بار معاف نہیں۔۔۔

سوال::: ایک عورت کو دوسری عورت سے زیادہ گھلنے ملنے سے منع کیوں کیا گیا؟؟؟

جواب::: ایک عورت کو دوسری عورت سے زیادہ گھلنے ملنے سے منع کیا گیا کہ وہ اپنے شوہر سے جا کر اس عورت کی صفات بیان کرے گی ہو سکتا ہے اس کے شوہر کو وہ عورت پسند آ جائے۔۔۔

سوال::: اگر کسی عورت کو دیکھ کر مرد کے دل میں خواہش پیدا ہو تو اسے کیا کرنا چاہیے؟؟؟

جواب:::اسے جاکر اپنی بیوی سے صحبت کر لینی چاہیے تاکہ دوسری عورت کی خواہش ختم ہو جائے۔۔۔۔

ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک عورت کو دیکھا پھر اس کے بعد اپنی زوجہ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے پاس آکر صحبت فرمائی۔۔۔۔

سوال:::کیا صرف شرمگاہ ہی زنا کرتی ہے؟؟؟

جواب:::جی نہیں بلکہ دیگر اعضاء بھی زنا کرتے ہیں،،آنکھوں کا زنا غیر محرم کو شہوت کے ساتھ دیکھنا ہے،زبان کا زنا شہوت کے ساتھ باتیں کرنا ہے،ہاتھوں کا زنا پکڑنا ہے،پاؤں کا زنا چل کر جانا ہے،کانوں کا زنا سننا ہے،منہ کا زنا بوسہ لینا ہے۔۔۔۔

## ((باب فی وطئ السبایا))

سوال:::اگر مشرکین کی شادی شدہ عورتیں قید ہو کر آئیں تو ان سے کس صورت میں جماع حلال ہے؟؟؟

جواب:::اگر وہ حاملہ ہیں تو وضع حمل تک ان کے ساتھ جماع جائز نہیں،،اگر وہ حاملہ نہیں ہیں تو پھر ایک حیض گزرنے کے بعد ان سے جماع کیا جا سکتا ہے۔۔۔۔

سوال:::حاملہ باندی سے جماع کرنے والے کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::میں چاہتا ہوں کہ اس پہ ایسی لعنت کروں جو اس کے ساتھ قبر میں داخل ہو جائے۔۔۔۔

## ((باب فی جامع النکاح))

سوال:::اگر کوئی شخص نکاح کرے یا لونڈی خریدے تو وہ کون سی دعا پڑھے؟؟؟

جواب:::وہ شخص یہ دعا پڑھے:::

اللھم انی اسالک خیرھا وخیر ما جبلتھا علیہ واعوذ بک من شرھا وشر ما جبلتھا علیہ

ترجمہ:::

اے اللہ!!!میں تجھ سے اس کی خیر اور اس کی جبلت کی خیر کا سوال کرتا ہوں جو تو نے پیدا کی،،اس کے شر اور اس کی جبلت کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو تو نے اس میں پیدا کیا۔۔۔۔

سوال:::جماع کرنے سے پہلے کون سی دعا پڑھی جائے؟؟؟

جواب:::بسم اللہ اللھم جنبنا الشیطان وجنب الشیطان ما رزقتنا

ترجمہ:::

اے اللہ!!!ہمیں شیطان سے بچا اور اس مباشرت سے جو اولاد ہو اسے شیطان سے بچا۔۔۔۔

سوال:::عورت کی دبر میں جماع کی وعید بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::جو عورت کی دبر میں جماع کرے وہ ملعون ہے۔۔۔۔

سوال:::انصار اور قریش والے اپنی عورتوں سے کس طرح جماع کیا کرتے تھے؟؟؟

جواب:::انصار یہودیوں کی پیروی کرتے ہوئے ایک ہی طریقے سے عورت کے ساتھ صحبت کرتے تھے جس میں عورت کا زیادہ پردہ رہتا تھا جبکہ قریش والے عورتوں کو برہنہ کر کے آگے سے، پیچھے سے، اور چت لٹا کر ہر طرح سے لطف اندوز ہوتے تھے۔۔۔

سوال:::کن کن طریقوں سے جماع کرنے کی اجازت ہے؟؟؟

جواب:::عورتیں شوہروں کے لیے کھیتیاں ہیں وہ جس طرح سے چاہیں اگلے مقام میں جماع کر سکتے ہیں کسی طریقے کی قید نہیں۔۔۔

## ((باب فی اتیان الحائض الخ))

سوال:::یہودی حائضہ عورتوں کے ساتھ کیا سلوک کرتے تھے؟؟؟

جواب:::یہودیوں کی جب کسی عورت کو حیض آتا تو نہ ہی اس کو اپنے ساتھ کھلاتے پلاتے اور نہ ہی اپنے ساتھ گھر میں ٹھہراتے تھے۔۔۔

سوال:::اسلام حائضہ عورتوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنے کا حکم دیتا ہے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::انہیں اپنے ساتھ گھروں میں ٹھہراؤ اور مباشرت کے علاوہ تمام افعال کرنے کا حق ہے۔۔۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ایک ہی بستر میں سوتے تھے حالانکہ وہ حائضہ ہوتی تھیں اگر کچھ لگ جاتا تو اسے دھولیا کرتے وگرنہ اسی لباس میں نماز ادا فرماتے تھے۔۔۔

## ((باب فی کفارۃ من اتی حائضا))

سوال:::حائضہ عورت سے جماع کا کفارہ بیان کریں۔۔۔

جواب:::اگر وہ جاری خون کے دوران جماع کر بیٹھے تو ایک دینار صدقہ کرے اور اگر خون کے منقطع ہونے کے وقت جماع کرے تو نصف دینار دے۔۔۔

## ((باب ماجاء فی العزل))

سوال:::عزل کے کیا معنی ہیں؟؟؟

جواب:::حمل سے بچنے کے لیے انزال کے وقت آلہ تناسل کو باہر نکال لینا عزل کہلاتا ہے۔۔۔

سوال:::صحابہ کرام لونڈیوں سے عزل کیوں کرتے تھے؟؟؟

جواب:::صحابہ کرام لونڈیوں سے اس لیے عزل کرتے تھے تاکہ وہ حاملہ نہ ہوں کیونکہ اگر وہ حاملہ ہو گئیں تو ام ولد بن جائیں گی ان کو بیچنا جائز نہیں ہوگا اور جیسے ہی وہ شخص انتقال کرے گا وہ آزاد ہو جائیں گی۔۔۔

سوال:::عزل کرنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::اگر اپنی لونڈی ہو تو اس کی اجازت کے بغیر عزل کیا جاسکتا ہے البتہ اگر آزاد منکوحہ عورت ہو تو اس سے اجازت کے بغیر عزل کرنا مکروہ ہے لیکن امام شافعی سے عدم مکروہ کی روایت بھی منقول ہے۔۔۔۔

اسی طرح اگر بیوی کسی کی لونڈی ہو تو اس سے بھی عزل کے وقت اجازت لینی ہو گی۔۔۔۔

## ((باب مایکرہ من ذکر الرجل الخ))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::کسی نے ہمارے دوسی جوان کو دیکھا ہے؟؟؟ یہاں دوسی جوان سے کون مراد ہیں؟؟؟

جواب:::حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

سوال:::کیا میاں بیوی کو اپنی صحبت کے حالات دوسرے کو بیان کرنے کی اجازت ہے؟؟؟

جواب:::جی نہیں،،اس چیز کی سخت ممانعت بیان کی گئی ہے،،نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسی عورت کے بارے فرمایا:::اس کی مثال اس شیطان عورت جیسی ہے جو گلی میں کسی شیطان مرد سے ملے اور اس حال میں اس سے اپنی خواہش پوری کرے کہ لوگ اسے دیکھ رہے ہوں۔۔۔۔

سوال:::عورتوں اور مردوں کی خوشبو کیسی ہونی چاہیے؟؟؟

جواب:::مردوں کی خوشبو ایسی ہونی چاہیے جس کی بو ظاہر ہو اور رنگ ظاہر نہ ہو جبکہ عورت کی خوشبو ایسی ہونی چاہیے جس کا رنگ ظاہر ہو اور بو ظاہر نہ ہو۔۔۔۔

# ((کتاب الصوم))

## ((باب مبدأ فرض الصیام))

سوال:::صوم کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::صوم کا لغوی معنی کسی چیز سے رک جانے کے ہیں۔۔۔۔

اصطلاحی طور پر طلوع فجر سے لے کر غروب آفتاب تک خود کو کھانے پینے اور عمل تزویج سے روکنا صوم کہلاتا ہے۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں روزہ کس وقت شروع ہو جایا کرتا تھا؟؟؟ نیز یہ وقت کیسے تبدیل ہوا؟؟؟

جواب:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں جب لوگ عشاء کی نماز ادا فرما لیتے تو ان کے اوپر کھانا پینا اور عورتوں کے قریب جانا حرام ہو جاتا تھا۔۔۔۔

ایک شخص سے رہا نہ گیا اور اس نے عشاء کی نماز کے بعد اپنے زوجہ سے جماع کر لیا تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی جس کے بعد روزہ شروع ہونے کا وقت تبدیل ہو گیا:::

عَلِمَ اللّٰہُ اَنَّکُمْ کُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَکُمْ

ترجمہ کنزالایمان:::

اللہ نے جانا کہ تم اپنی جانوں کو خیانت میں ڈالتے تھے۔۔۔۔

سوال::: حضرت صرمہ بن قیس رضی اللہ عنہ کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ روزے کی حالت میں اپنی بیوی کے پاس تشریف لائے اور ان سے کچھ کھانے کو مانگا وہ لینے گئیں اور ان پہ نیند طاری ہو گئی جس سے اگلے دن کا روزہ شروع ہو گیا،، اگلا دن آدھا بھی نہیں ہوا تھا کہ ان پہ غشی طاری ہو گئی اور وہ اپنی زمین میں کام کر رہے تھے جب یہ معاملہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ذکر کیا گیا تو اللہ پاک نے یہ آیت نازل فرمائی:::

اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآىِٕكُمْؕ-هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَ اَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّؕ-عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَ عَفَا عَنْكُمْۚ-فَالْــٴٰـنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَ ابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ۪-وَ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ۪

ترجمہ کنز العرفان:::

تمہارے لئے روزوں کی راتوں میں اپنی عورتوں کے پاس جانا حلال کر دیا گیا، وہ تمہارے لئے لباس ہیں اور تم ان کے لئے لباس ہو۔ اللہ کو معلوم ہے کہ تم اپنی جانوں کو خیانت میں ڈالتے تھے تو اس نے تمہاری توبہ قبول کی اور تمہیں معاف فرمادیا تو اب ان سے ہم بستری کر لو اور جو اللہ نے تمہارے نصیب میں لکھا ہوا ہے اسے طلب کرو اور کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ تمہارے لئے فجر سے سفیدی (صبح) کا ڈورا سیاہی (رات) کے ڈورے سے ممتاز ہو جائے۔۔۔۔

## ((باب نسخ قولہ تعالیٰ ((وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ))

سوال::: آیت """وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ""" کا ناسخ بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: جب یہ آیت """وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ""" نازل ہوئی تو پھر ہر وہ بندہ جس کا روزہ رکھنے کا ارادہ نہ ہوتا وہ فدیہ دے دیتا حتی کہ یہ آیت نازل ہوئی:::

فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ؕ

ترجمہ:::

پس جو تم میں سے ((رمضان کا)) مہینہ پائے تو اس کے روزے رکھے۔۔۔۔

اس آیت کے بعد فدیہ والی آیت منسوخ ہو گئی۔۔۔۔

## ((باب من قال ھی مثبتۃ للشیخ والحبلی))

سوال::: شیخ فانی کسے کہتے ہیں؟؟؟

جواب::: جو شخص بہت بوڑھا ہو جائے اور روزہ رکھنے سے عاجز ہو اسے شیخ فانی کہتے ہیں۔۔۔۔

سوال::: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس آیت """وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ""" کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟؟؟

جواب:::آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں یہ فدیہ دینے والی رخصت شیخ فانی، حاملہ اور دودھ پلانے والی کے لیے ہے((اگرانہیں اپنے بچے کا خوف ہو))۔۔۔

## ((باب الشہر یکون تسعا وعشرین))

سوال:::اگر29 شعبان کو بادلوں کی وجہ سے چاند نظر نہ آئے تو کیا کرنا چاہیے؟؟؟

جواب:::اگر29 شعبان کو بادلوں کی وجہ سے چاند نظر نہ آئے تو30 دن مکمل کر لینے چاہئیں اور پھر رمضان شروع کیا جائے۔۔۔

سوال:::جب 29 شعبان کو ابن عمر رضی اللہ عنہما کو چاند نظر نہ آتا تو کیا کرتے؟؟؟

جواب:::جب چاند نظر نہ آتا اور کوئی بادل کا ٹکڑا رؤیت ہلال میں حائل نہ ہوتا تو اگلے دن روزہ نہ رکھتے تھے اور جب اس دن بادل ہوتے تو اگلے دن کا روزہ رکھتے تھے،، پھر مہینے کے آخر میں جب لوگ روزہ رکھنا چھوڑتے تھے تو آپ بھی ان کے ساتھ چھوڑ دیتے تھے۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مبارک میں صحابہ کرام نے اکثر طور پر انیتس دن کے روزے رکھے یا تیس دن کے؟؟؟

جواب:::انیتس دن کے

## ((باب اذا اخطا القوم الہلال))

سوال:::قربانی اور وقوف کا مقام کون سا ہے؟؟؟

جواب:::منی کا سارا میدان اور مکہ کی گلیاں قربان گاہ ہیں اور سارے کا سارا مزدلفہ وقوف کا مقام ہے۔۔۔

سوال:::اگر لوگوں کو شوال کا چاند نظر نہ آیا اور انہوں نے اگلے دن روزہ رکھ لیا حالانکہ وہ عید کا دن تھا تو کیا وہ گنہگار ہوں گے؟؟؟

جواب:::جی نہیں کیونکہ یہ خطائے اجتہادی ہے لہذا معاف ہے۔۔۔

## ((باب اذا غمی الشہر))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس مہینے کی تاریخوں کا زیادہ خیال رکھا کرتے تھے؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شعبان کی تاریخوں کا زیادہ خیال رکھتے تھے اور پھر رمضان کا چاند نظر آتے ہی روزہ رکھ لیتے تھے۔۔۔

## ((باب من قال فان غم علیکم فصوموا ثلاثین))

سوال:::رمضان شروع ہونے سے ایک دو روز قبل روزہ رکھنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::اس سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا البتہ اگر کوئی شخص پہلے سے روزہ رکھ رہا ہو تو پھر رکھنے میں حرج نہیں((مثلا ایک شخص پیر کا روزہ رکھنے کا عادی ہے اور 29 یا30 شعبان کو سوموار کا دن تھا تو اس کو رکھنے کی رخصت ہے))۔۔۔

## ((باب فی التقدم))

سوال::: صوموا الشہر و سرہ میں لفظ""" سرہ""" کا کیا مطلب ہے؟؟؟

جواب::: بعض علماء نے اس سے مہینے کا اول حصہ مراد لیا ہے جبکہ بعض نے اوسط اور بعض نے آخری حصہ مراد لیا ہے۔۔۔

## ((باب اذا رئی الہلال فی بلد قبل الآخرین بلیلۃ))

سوال::: محمد بن ابی حرملہ نے ملک شام میں کس دن چاند دیکھا اور اس سال مدینہ میں کس دن چاند نظر آیا تھا؟؟؟

جواب::: انہوں نے ملک شام میں شب جمعہ کو چاند دیکھا تھا اور جب مدینہ حاضر ہوئے تو معلوم ہوا کہ وہاں ہفتے کی شب کو چاند نظر آیا تھا۔۔۔

سوال::: کیا ایک شہر والوں کی رؤیت دوسرے شہر والوں کے لیے کافی ہے؟؟؟

جواب::: مالکیہ کے نزدیک جب امام کے نزدیک رؤیت ثابت ہو گئی تو تمام شہروں میں رویت ثابت ہو جائے گی جبکہ احناف اور شوافع کے نزدیک اگر دو شہروں میں زیادہ مسافت نہیں ہے تو پھر ایک کی رؤیت دوسرے کے لیے معتبر ہو گی لیکن اگر دونوں میں زیادہ مسافت ہے تو پھر ہر شہر کی اپنی اپنی رؤیت کا اعتبار کیا جائے گا۔۔۔

سوال::: حارث بن حوطب کس شہر کے امیر تھے؟؟؟

جواب::: مکہ کے

## ((باب کراہیۃ صوم یوم الشک))

سوال::: یوم الشک کے روزے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جس نے یوم الشک کا روزہ رکھا اس نے ابو القاسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی کی۔۔۔

احناف کے نزدیک شک کے روز خالص نفل کی نیت سے روزہ رکھنا جائز ہے ((یعنی انیتس شعبان کو چاند نظر نہیں آیا تو تیس شعبان کو اس نیت سے نہیں رکھ سکتا کہ اگر یہ شعبان ہے تو نفلی روزہ ہے اور اگر رمضان ہے تو فرض روزہ ہے بلکہ خالص نفل کی نیت سے رکھنا جائز ہے))۔۔۔۔

## ((باب شہادۃ رجلین علی رؤیۃ ھلال شوال))

سوال::: جب لوگوں میں رمضان کے آخری دن کے بارے اختلاف ہوا تو کس نے رؤیت کی گواہی دی؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں لوگوں میں رمضان کے آخری دن کے بارے میں اختلاف ہوا اور اگلے دن سب نے روزہ رکھ لیا،، دو اعرابیوں نے آکر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں گواہی دی کہ ہم نے گزشتہ رات چاند دیکھا تھا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو روزہ توڑنے کا حکم دے دیا اور اگلے دن عید کی نماز ادا فرمائی۔۔۔

سوال::: عید کے چاند کے لیے کتنے لوگوں کا گواہی دینا ضروری ہے؟؟؟

جواب::: دو لوگوں کا گواہی دینا ضروری ہے۔۔۔

## ((باب فی شہادۃ الواحد علی رؤیۃ ہلال))

سوال:::رمضان کے چاند کے ثبوت کے لیے کتنی گواہیوں کا ہونا ضروری ہے؟؟؟

جواب:::آئمہ ثلاثہ کے نزدیک رمضان کے چاند میں ایک عادل شخص کی گواہی بھی کافی ہے جبکہ امام مالک کے نزدیک دو گواہوں کا ہونا ضروری ہے۔۔۔۔

## ((باب فی توکید السحور))

سوال:::سحری کی اہمیت بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::ہمارے اور اہل کتاب کے روزوں میں سحری کھانے کا فرق ہے۔۔۔۔

## ((باب من سمی السحور الغداء))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عرباض رضی اللہ عنہ کو کیا کہہ کر سحری کی طرف بلایا؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::آؤ صبح کے مبارک کھانے کی طرف

سوال:::مومن کی اچھی سحری کون سی ہے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::کھجور مومن کی کتنی ہی اچھی سحری ہے۔۔۔

## ((باب وقت السحور))

سوال:::کیا حضرت بلال رضی اللہ عنہ سحری سے روکنے کے لیے اذان دیتے تھے؟؟؟

جواب:::حضرت بلال سحری سے روکنے کے لیے نہیں بلکہ اس لیے اذان دیتے تھے تاکہ تہجد پڑھنے والا تہجد پڑھنا بند کردے اور سونے والا جاگ جائے۔۔۔

سوال:::سحری کا وقت کب ختم ہوتا ہے؟؟؟

جواب:::جب سرخی چوڑائی میں پھیل جائے تو صبح صادق شروع ہوجاتی ہے اور سحری کا وقت ختم ہوجاتا ہے۔۔۔۔

سوال:::جب یہ آیت نازل ہوئی""وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ""تو حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟؟؟

جواب:::جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے ایک سفید اور کالا دھاگہ تکیے کے نیچے رکھا اور دیکھتے رہے لیکن صبح کا پتا نہ چل سکا،،جب یہ واقعہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرائے اور فرمایا:::سفید اور کالے دھاگے سے مراد رات اور دن ہیں۔۔۔۔۔

## ((باب فی الرجل یسمع النداء والاناء علی یدہ))

سوال::: کیا فجر کی اذان کے دوران سحری کھا سکتے ہیں؟؟؟

جواب::: فجر کی اذان کے دوران سحری نہیں کھا سکتے،،وہ جو حدیث مبارکہ ہے کہ جب تم میں سے کوئی اذان کی آواز سنے اور برتن اس کے ہاتھ میں ہو تو اس کو نیچے نہ رکھے حتی کہ اس کی حاجت پوری ہو جائے،،اس کا مطلب ہے کہ اگر افطار کے وقت مغرب کی اذان ہو رہی ہو تو کھاتے پیتے رہو اور فارغ ہو کر نماز کی طرف آؤ لہذا اس حدیث سے یہ بلکل لازم نہیں آتا کہ اذان فجر کے وقت کھا پی سکتے ہیں۔۔۔۔

## ((باب وقت فطر الصائم))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے افطاری کے لیے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو کیا بنانے کا حکم دیا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے افطاری کے وقت انہیں ستو بنانے کا حکم دیا۔۔۔

سوال::: افطاری کا وقت بیان کریں۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جب رات ادھر سے آئے اور سورج غروب ہو جائے تو روزہ دار روزہ افطار کر لے۔۔۔۔

## ((باب ما یستحب من تعجیل الفطر))

سوال::: کون لوگ دیر سے روزہ افطار کرتے ہیں؟؟؟

جواب::: یہود و نصاری دیر سے روزہ افطار کرتے ہیں لہذا جلدی افطار کرنا مستحب ہے۔۔۔۔

سوال::: کون سے صحابی افطار اور نماز میں جلدی کرتے تھے؟؟؟

جواب::: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ افطار اور نماز میں جلدی کرتے تھے۔۔۔

## ((باب ما یفطر علیہ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس چیز سے روزہ افطار کرتے تھے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تر کھجور سے روزہ افطار فرماتے تھے اگر وہ نہ ملتیں تو خشک کھجوریں استعمال کرتے تھے اگر یہ بھی نہ ہوتیں تو پانی سے افطار فرماتے تھے۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم افطار کے وقت کون سی دعا پڑھتے تھے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب روزہ افطار کرتے تو فرماتے::: پیاس ختم ہو گئی رگیں خوشگوار ہو گئیں اور اگر اللہ نے چاہا تو ثواب مل گیا۔۔۔

ایک اور روایت میں ہے یوں فرماتے:::اللھم لک صمت وعلی رزقک افطرت

ترجمہ:::

اے اللہ!!! میں نے تیرے واسطے روزہ رکھا اور تیرے عطا کیے گئے رزق سے افطار کیا۔۔۔

## ((باب الفطر قبل غروب الشمس))

سوال:::اگر کسی نے سورج غروب ہونے سے قبل روزہ افطار کر لیا تو اس کے لیے کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::اگر کسی نے سورج غروب ہونے سے قبل روزہ افطار کر لیا تو اس کی قضاء کرے،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں لوگوں نے بادلوں کی وجہ سے غلطی سے روزہ وقت سے پہلے افطار کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قضاء کرنے کا حکم دیا۔۔۔

## ((باب فی الوصال))

سوال:::صوم وصال سے کیا مراد ہے؟؟؟ نیز اس کا حکم بیان کریں۔۔۔

جواب:::ایسا روزہ جو افطار کیے بغیر مسلسل رکھا جائے مثلاً ایک روزہ رکھا اور کھائے پیے بغیر اگلے دن کا روزہ شروع کر لیا۔۔۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے منع فرمایا جب لوگوں نے عرض کی کہ آپ بھی تو رکھتے ہیں تو آپ نے فرمایا::: میں تمہاری طرح نہیں ہوں مجھے کھلایا پلایا جاتا ہے۔۔۔

## ((باب الغیبۃ للصائم))

سوال:::اگر کوئی روزہ رکھ کر گناہوں سے باز نہ آئے تو اس کے لیے کیا وعید ہے؟؟؟

جواب:::جو شخص ((روزے کی حالت میں)) جھوٹ بولنا اور برے عمل کرنا نہ چھوڑے تو اللہ پاک کو اس کا کھانا پینا چھوڑنے کی کوئی حاجت نہیں۔۔۔

سوال:::اگر کوئی روزے دار سے جھگڑے تو اسے کیا کہنا چاہیے؟؟؟

جواب:::اگر کوئی شخص روزے دار سے جھگڑے یا گالم گلوچ کرے تو وہ کہہ دے میں روزہ دار ہوں۔۔۔

## ((باب السواک للصائم))

سوال:::کیا حالت روزہ میں مسواک کی جا سکتی ہے؟؟؟

جواب:::جی ہاں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حالت روزہ میں مسواک کیا کرتے تھے۔۔۔

## ((باب الصائم یصب علیہ الماء الخ))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس موقع پہ لوگوں کو روزہ ترک کرنے کا حکم دیا؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے سفر کے موقع پہ لوگوں کو روزہ ترک کرنے کا حکم دیا تاکہ دشمن کے مقابلے میں قوت حاصل کی جاسکے۔۔۔۔

سوال:::روزے کی حالت میں پیاس یا گرمی کی وجہ سے سر پہ پانی ڈالنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::ایسا کرنا جائز ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے البتہ اگر روزے سے گھبرا کر ایسا کیا جائے تو مکروہ تنزیہی ہے۔۔۔۔

سوال:::حالت روزہ میں ناک میں پانی چڑھانے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::ناک میں پانی ڈالنے میں مبالغہ کرو سوائے اس کے کہ تم روزے دار ہو۔۔۔۔

یعنی روزے دار کے لیے کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے میں مبالغہ کرنا مکروہ ہے۔۔۔۔

## ((باب فی الصائم یحتجم))

سوال:::کیا حالت روزہ میں حجامہ کروا سکتے ہیں؟؟؟

جواب:::جی ہاں کروا سکتے ہیں،،نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حالت احرام میں روزہ رکھ کر حجامہ کروایا تھا۔۔۔۔

اعتراض:::

کچھ احادیث میں آیا ہے کہ حجامہ لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے،،اس کا کیا جواب ہے؟؟؟

جواب:::وہ احادیث حجامہ کے ثبوت والی احادیث سے منسوخ ہیں۔۔۔۔

## ((باب فی الصائم یحتلم الخ))

سوال:::کیا احتلام یا قے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟؟؟

جواب:::جی نہیں،،چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::جس نے قے کی،جسے احتلام ہوا اور جس نے حجامہ لگوایا اس کا روزہ نہیں ٹوٹا۔۔۔۔

## ((باب فی الکحل الخ))

سوال:::کیا روزہ دار سرمہ لگا سکتا ہے؟؟؟

جواب:::جی ہاں روزہ دار سرمہ لگا سکتا ہے چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ثابت ہے کہ وہ حالت روزہ میں سرمہ لگاتے تھے۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سوتے وقت کون سا سرمہ لگانے کا حکم دیا؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سوتے وقت مشک ملا ہوا سرمہ لگانے کا حکم دیا اور روزے دار کو اس سے پرہیز کرنے کا حکم دیا۔۔۔۔

سوال:::ابراہیم نخعی روزے دار کو کون سا سرمہ لگانے کی رخصت دیتے تھے؟؟؟

جواب::: صبر کا سرمہ لگانے کی رخصت دیتے تھے،، یہ سرمہ کی ایک قسم ہے۔۔۔۔

## ((باب الصائم یستنقی عامدا))

سوال::: کس صورت میں قے کی وجہ سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟؟؟

جواب::: جان بوجھ کر قے کرنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے::: اگر روزے دار نے قصدا قے کی تو قضاء کرے۔۔۔۔

سوال::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قے آئی تو کس صحابی نے آپ کے لیے وضو کا پانی ڈالا؟؟؟

جواب::: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے

## ((باب القبلۃ للصائم))

سوال::: کیا روزہ دار اپنی بیوی کو چوم سکتا ہے؟؟؟

جواب::: امام اعظم اور امام شافعی کے نزدیک جوان کے لیے ایسا کرنا مکروہ ہے جبکہ بوڑھے کے لیے مباح ہے۔۔۔۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حالت روزہ میں بوسہ لیتے اور چمٹ کر سوتے تھے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے بڑھ کر نفس قابو کرنے والے تھے۔۔۔۔

## ((باب الصائم بلع الریق))

سوال::: کیا حالت روزہ میں تھوک نگلنے سے کوئی اثر پڑتا ہے؟؟؟

جواب::: حالت روزہ میں اگر کسی دوسرے کا تھوک نگلیں گے تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر اپنا تھوک ہاتھ پہ رکھ کر نگل لیا تو اس سے بھی روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔۔۔۔۔

## ((باب کراہیۃ للشاب))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حالت روزہ میں ایک شخص کو بیوی سے لپٹنے کی اجازت دی جبکہ دوسرے کو منع کیا ایسا کیوں؟؟؟

جواب::: جس شخص کو اجازت دی وہ بوڑھا تھا اور جسے روکا وہ جوان تھا،، جوان کو اس لیے روکا کہیں وہ اپنا روزہ توڑ نہ دے۔۔۔۔

## ((باب فیمن اصبح جنبا فی شھر رمضان))

سوال::: کیا حالت جنابت میں روزہ رکھ سکتے ہیں؟؟؟

جواب::: جی ہاں حالت جنابت میں روزہ رکھ سکتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے۔۔۔۔

## ((باب کفارۃ من اتی اھلہ فی رمضان))

سوال:::اگر حالت روزہ میں جماع کر لیا تو کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::اگر حالت روزہ میں بھول کر بیوی سے جماع کر لیا تو احناف اور شوافع کے نزدیک نہ قضاء لازم ہے اور نہ کفارہ۔۔۔

اگر جان بوجھ کر جماع کیا تو کفارہ لازم ہو گا،، کفارے میں ترتیب یہ ہے کہ غلام آزاد کیا جائے گا اگر یہ نہ ہو تو مسلسل دو ماہ کے روزے رکھے اور یہ بھی نہ ہو سکیں تو ساٹھ مساکین کو کھانا کھلائے۔۔۔۔

سوال:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں جب ایک شخص نے جماع کیا تو اس کے ساتھ کیا معاملہ پیش آیا؟؟؟

جواب:::ایک شخص حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی:::کہ میں ہلاک ہو گیا،، جب وجہ پوچھی گئی تو اس نے عرض کیا:::کہ میں نے روزے میں اپنی بیوی سے جماع کر لیا،، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::کیا ایک غلام آزاد کر سکتے ہو؟؟؟اس نے عرض کیا نہیں، فرمایا:::کیا دو ماہ کے مسلسل روزے رکھ سکتے ہو؟؟؟اس نے عرض کیا نہیں، فرمایا:::کیا ساٹھ مساکین کو کھانا کھلا سکتے ہو؟؟؟اس نے عرض کیا نہیں،، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے بیٹھنے کا حکم دیا اتنے میں کھجوروں کا ایک تھیلا بارگاہ اقدس میں پیش کیا گیا تو آپ نے اسے دیکھ کر فرمایا ان کو صدقہ کر دو اس نے عرض کیا کہ مدینے میں میرے گھر سے زیادہ غریب کوئی نہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسکرا کر فرمایا تو ان کو کھلا دو۔۔۔۔

## ((باب التغلیظ فی من افطر عمدا))

سوال:::جان بوجھ کر روزہ توڑنے کی وعید بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::جس نے بغیر کسی وجہ کے رمضان کا ایک روزہ جان بوجھ کر توڑا تو زمانہ بھر کے روزے اس کی قضا نہیں کر سکیں گے۔۔۔۔

## ((باب من اکل ناسیا))

سوال:::کیا بھول کر کھانے پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟؟؟

جواب:::جی نہیں،، چنانچہ ایک شخص نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ میں نے حالت روزہ میں بھول کر کھا پی لیا ہے تو آپ نے فرمایا:::تمہیں اللہ نے کھلایا اور پلایا ہے۔۔۔۔

## ((باب تاخیر قضاء رمضان))

سوال:::کیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا رمضان کے روزے کی قضا جلد کر لیا کرتی تھیں؟؟؟

جواب:::جی نہیں،، چنانچہ فرماتی ہیں مجھ پہ رمضان کے قضاء روزے ہوتے تھے میں انہیں نہیں رکھ پاتی تھی حتی کہ ماہ شعبان آ جاتا۔۔۔۔

## ((باب فیمن مات وعلیہ صیام))

سوال:::اگر میت پہ کچھ روزے باقی ہوں تو اس کا کیا حل ہو گا؟؟؟

جواب:::اگر کوئی شخص فوت ہو جائے اور اس پہ روزے باقی ہوں تو احناف اور شوافع کے نزدیک ہر روزے کے بدلے فدیہ دیا جائے گا کوئی اس کی طرف سے روزے نہیں رکھ سکتا کیونکہ عبادات کی ادائیگی میں کوئی شخص کسی کا نائب نہیں ہو سکتا۔۔۔

## ((باب الصوم فی السفر))

سوال:::کیا سفر میں روزہ رکھا جا سکتا ہے؟؟؟

جواب:::سفر میں روزہ رکھنا اور نہ رکھنا دونوں جائز ہیں، چنانچہ حمزہ اسلمی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کیا میں مسلسل روزے رکھتا ہوں تو کیا سفر میں بھی روزے رکھوں؟؟؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::چاہو تو رکھو چاہو نہ رکھو۔۔۔

سوال:::اگر مسافر ماہ رمضان میں سفر شروع کرے اور روزہ رکھنے کی نیت نہ ہو تو وہ کس وقت کھا پی سکتا ہے؟؟؟

جواب:::جب وہ اپنی بستی سے نکل جائے تو رمضان کی رعایت کرتے ہوئے کھا پی سکتا ہے چنانچہ ابو بصرہ غفاری رضی اللہ عنہ نے فسطاط شہر کی کشتی میں سفر شروع کیا تو ابھی انہیں شہر کے گھر نظر آرہے تھے لیکن انہوں نے کھانا پینا شروع کر دیا۔۔۔

سوال:::کتنی مقدار کے سفر پہ روزہ ترک کرنے کی اجازت ہے؟؟؟

جواب:::اگر وہ سفر شرعی مسافت کی مقدار کے برابر ہے تو پھر روزہ چھوڑ سکتا ہے۔۔۔

## ((باب من یقول صمت رمضان کلہ))

سوال:::کیا یوں کہنا چاہیے کہ میں نے پورا رمضان روزے رکھے اور پورا رمضان قیام کیا؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میں نے پورا رمضان روزے رکھے اور پورا رمضان قیام کیا، راوی نے وجہ یہ بیان فرمائی ہے کہ کچھ نہ کچھ غفلت پائی جاتی ہے لہذا یوں نہ کہا جائے۔۔۔۔

## ((باب فی صوم العیدین))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن ایام میں روزے سے منع فرمایا نیز کن اوقات میں نماز پڑھنے سے منع فرمایا؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عید الفطر اور عید الاضحی کے دن روزہ رکھنے سے منع فرمایا اور فجر وعصر کے بعد نماز پڑھنے سے منع فرمایا۔۔۔

## ((باب صیام ایام التشریق))

سوال:::ایام تشریق کون سے ہیں؟؟؟

جواب::: گیارہ بارہ اور تیرہ ذوالحجہ کو ایام تشریق کہتے ہیں۔۔۔۔

سوال:::ایام تشریق میں روزوں کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا چنانچہ ارشاد ہے:::یوم عرفہ، یوم نحر اور ایام تشریق ہم مسلمانوں کی عید ہیں اور یہ کھانے پینے کے ایام ہیں۔۔۔۔

## ((باب النہی ان یخص یوم الجمعہ الخ))

سوال::: کیا جمعہ کے دن روزہ رکھنا مکروہ ہے؟؟؟

جواب:::شوافع کے نزدیک جمعہ کا روزہ رکھنا مکروہ ہے البتہ وہ شخص رکھ سکتا ہے جو اس دن روزہ رکھنے کا عادی ہو۔۔۔۔

امام اعظم کے نزدیک مطلقاً جمعہ کا روزہ رکھنا جائز ہے۔۔۔۔

## ((باب النہی ان یخص یوم السبت الخ))

سوال:::روزہ رکھنے کے لیے ہفتہ کے دن کی تخصیص کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::احناف کے نزدیک روزہ رکھنے کے لیے ہفتہ کے دن کو خاص کرنا مکروہ ہے،،شوافع کے نزدیک بھی یہی حکم ہے۔۔۔۔

## ((باب فی صوم الدہر تطوعا))

سوال:::صوم الدہر سے کیا مراد ہے؟؟؟ نیز اس کا حکم بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::صوم الدہر کا مطلب ہے""" سال بھر مسلسل روزے رکھنا """

احناف کے نزدیک صوم الدہر اس صورت میں رکھنا جائز ہے جب وہ اپنے فرائض و واجبات میں کوتاہی نہ کرے اور پانچ ممنوع ایام ((یکم شوال، 10 سے 13 ذوالحجہ)) میں روزہ نہ رکھا جائے۔۔۔۔

جن احادیث میں صوم الدہر سے منع کیا گیا ہے وہ اس بات پہ محمول ہیں جب ممنوع ایام میں بھی روزے رکھے جائیں۔۔۔۔

سوال:::صوم داؤدی سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب:::صوم داؤدی سے مراد حضرت داؤد علیہ السلام کے روزے ہیں،،آپ علیہ السلام ایک دن روزہ رکھتے تھے اور دوسرے دن نہیں رکھتے تھے۔۔۔۔

سوال:::یوم عرفہ اور عاشورہ کے روزے کی فضیلت بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::یوم عرفہ کا روزہ اگلے اور پچھلے ایک ایک سال کے گناہ مٹا دیتا ہے جبکہ عاشورہ کا روزہ گزشتہ ایک سال کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس دن پیدا ہوئے اور کس دن آپ پہ قرآن نازل ہوا؟؟؟

جواب::: سوموار کے دن

سوال::: ہر ماہ کے تین روزے اور رمضان کے روزے رکھنا کس کی مثل ہیں؟؟؟

جواب::: ہر ماہ تین روزے رکھنا اور رمضان کے روزے رکھنا ہمیشہ روزہ رکھنے کے برابر ہیں۔۔۔

سوال::: جب حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نے ہمیشہ قیام اللیل اور صوم النہار کا ارادہ کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: قیام کیا کرو اور سو جایا کرو روزے رکھا کرو اور چھوڑ بھی دیا کرو اور ہر ماہ میں تین روزے رکھ لینا ہمیشہ روزہ رکھنے کی مانند ہے۔۔۔

## ((باب فی صوم اشھر الحرم))

سوال::: حرمت والے مہینے کون سے ہیں؟؟؟

جواب::: چار مہینے حرمت والے ہیں:::

(1) ذوالقعدہ

(2) ذوالحجۃ

(3) محرم الحرام

(4) رجب

سوال::: مجیبہ باہلیہ کے والد یا چچا کی حالت متغیر کیوں ہوئی؟؟؟

جواب::: کیونکہ جب سے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مل کر گئے تھے انہوں نے رات کے علاوہ کچھ کھایا ہی نہیں تھا((یعنی مسلسل روزے رکھے تھے))۔۔۔

## ((باب فی صوم المحرم))

سوال::: رمضان کے بعد سب سے افضل روزے کون سے ہیں؟؟؟

جواب::: محرم الحرام کے روزے رمضان کے بعد سب سے افضل روزے ہیں۔۔۔

سوال::: فرض نمازوں کے بعد افضل نماز کون سی ہے؟؟؟

جواب::: صلوۃ اللیل یعنی تہجد کی نماز فرض کے بعد سب سے افضل ہے۔۔۔

## ((باب فی صوم رجب))

سوال::: ماہ رجب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا روزے رکھنے کا کیا معمول تھا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رجب میں جب روزے رکھتے تو رکھتے چلے جاتے یہاں تک کہ صحابہ کرام کو یہ گمان ہوتا کہ اب روزے نہیں چھوڑیں گے اور جب روزے چھوڑتے تو پھر چھوڑتے چلے جاتے یہاں تک کہ صحابہ کرام کو یہ گمان ہوتا کہ اب روزے نہیں رکھیں گے۔۔۔۔

## ((باب فی صوم شعبان))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کس مہینے کے روزے زیادہ محبوب تھے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شعبان کے روزے زیادہ محبوب تھے۔۔۔۔

## ((باب فی صوم شوال))

سوال::: شوال کے روزے رکھنے کی فضیلت بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جس نے رمضان کے روزے رکھے پھر ساتھ ہی شوال کے چھ روزے رکھے تو گویا اس نے ہمیشہ روزے رکھے۔۔۔۔

## ((باب فی صوم الاثنین والخمیس))

سوال::: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سوموار اور جمعرات کا روزہ کیوں رکھتے تھے؟؟؟

جواب::: کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوموار اور جمعرات کو روزہ رکھتے تھے چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: بندوں کے اعمال سوموار اور جمعرات کو پیش کیے جاتے ہیں۔۔۔۔

## ((باب فی صوم العشر))

سوال::: ذوالحجہ کے پہلے عشرے کی کیا فضیلت ہے؟؟؟

جواب::: ان دس دنوں کا نیک عمل اللہ پاک کو تمام دنوں کے اعمال سے زیادہ محبوب ہے البتہ وہ شخص جو اپنی جان ومال کے ساتھ اللہ کی راہ میں نکلا اور واپس نہ لوٹا وہ اس قدر ثواب حاصل کر سکتا ہے۔۔۔۔

سوال::: کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذوالحجہ کے پہلے 10 دنوں میں روزہ نہیں رکھتے تھے؟؟؟ جیسا کہ حضرت عائشہ کا فرمان ہے کہ میں نے رسول اللہ کو ان 10 ایام میں کبھی بھی روزہ رکھتے نہیں دیکھا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان دس ایام میں روزہ رکھا کرتے تھے،، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے روزہ رکھنے کی نفی نہیں فرمائی بلکہ اپنی رؤیت کی نفی فرمائی ہے کہ میں نے روزہ رکھتے نہیں دیکھا۔۔۔۔

## ((باب فی صوم یوم عرفۃ))

سوال::: کس کے لیے یوم عرفہ کا روزہ رکھنا ممنوع ہے؟؟؟

جواب::: حاجی کے لیے یوم عرفہ کا روزہ رکھنا ممنوع ہے تاکہ وہ اس دن دعا مانگنے اور حج کے کاموں سے عاجز نہ آجائے۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میدان عرفات میں دودھ کیوں نوش فرمایا؟؟؟

جواب::: کیونکہ لوگ اس دن اس چیز میں اختلاف کر رہے تھے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روزہ رکھا ہے یا نہیں تو اس چیز کو ظاہر فرمانے کے لیے آپ نے اونٹ پہ بیٹھ کر میدان عرفات کے اندر ہی دودھ نوش فرمایا۔۔۔

## ((باب فی صوم یوم عاشوراء))

سوال::: رمضان کے روزے فرض ہونے سے پہلے کس دن کا روزہ واجب تھا؟؟؟

جواب::: اس سے پہلے عاشوراء کا روزہ رکھنا واجب تھا لیکن جب رمضان کے روزے فرض ہوئے تو پھر جو چاہتا اس دن روزہ رکھ لیتا اور جو چاہتا چھوڑ دیتا۔۔۔

سوال::: یہودی کس دن کا روزہ رکھتے تھے اور کیوں؟؟؟

جواب::: یہودی یوم عاشوراء کا روزہ رکھتے تھے کیونکہ اس دن اللہ پاک نے موسیٰ علیہ السلام کو فرعون پہ غلبہ دیا تھا،، یہ سن کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: ہم موسیٰ علیہ السلام کے تم سے زیادہ حقدار ہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس دن کا روزہ رکھنے کا حکم ارشاد فرمایا۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبیلہ اسلم کو کس روزے کی قضاء کا حکم دیا؟؟؟

جواب::: قبیلہ اسلم کے لوگ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے پوچھا::: کیا تم نے اس دن ((یعنی یوم عاشوراء)) کا روزہ رکھا ہوا ہے؟؟؟ انہوں نے عرض کی::: جی نہیں تو فرمایا::: دن کا بقیہ حصہ بغیر کھائے پیے گزارو اور روزے کی قضا کرو۔۔۔

## ((باب فی صوم الثلاث من کل شھر))

سوال::: ایام بیض کون سے ہیں نیز ان دنوں میں روزہ رکھنے کی فضیلت بیان کریں۔۔۔

جواب::: ہر مہینے کی تیرہ چودہ اور پندرہ تاریخ والے ایام کو ایام بیض کہتے ہیں،، ان دنوں میں روزہ رکھنا ہمیشہ روزہ رکھنے کی مانند ہے۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مہینے کے کن ایام میں روزے رکھتے تھے؟؟؟

جواب::: اس بارے میں مختلف روایات آئی ہیں،، بعض کے مطابق ایام بیض کے روزے رکھتے تھے بعض کے مطابق ہر مہینے کے شروع میں تین دن، بعض کے مطابق جمعرات اور سوموار کو روزہ رکھتے تھے،، بعض کے مطابق مہینے میں جب چاہے رکھ لیتے تھے۔۔۔

## ((باب النیۃ فی الصیام))

سوال:::ماہ رمضان کے روزے کی نیت کب سے کب تک کی جاسکتی ہے؟؟؟

جواب:::احناف کے نزدیک ماہ رمضان کے روزے کی نیت ضحوہ کبریٰ سے پہلے پہلے کی جاسکتی ہے،،شوافع کے نزدیک رات سے نیت کرنا ضروری ہے۔۔۔۔

## ((باب من رای علیہ القضاء))

سوال:::کیا نفلی روزہ توڑنا جائز ہے اگر توڑ لیا تو کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::احناف کے نزدیک نفلی روزہ توڑنا جائز نہیں اگر توڑ لیا تو اس کی قضاء کی جائے گی،،چنانچہ جب حضرت عائشہ اور حفصہ رضی اللہ عنہما نے روزہ توڑا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں قضاء کا حکم دیا۔۔۔۔

شوافع کے نزدیک توڑنا جائز ہے اور اگر توڑ لیا تو اس کی قضاء واجب نہیں۔۔۔۔

## ((باب المرأۃ تصوم بغیر اذن زوجھا))

سوال:::کیا عورت شوہر کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ رکھ سکتی ہے؟؟؟

جواب:::عورت شوہر کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ نہیں رکھ سکتی چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ عورت شوہر کی موجودگی میں اس کی اجازت کے بغیر ماہ رمضان کے علاوہ کے روزے نہ رکھے۔۔۔۔

سوال:::کون سے صحابی اپنی بیوی کو لمبی نماز پڑھنے پہ مارتے تھے اور جب وہ روزہ رکھتیں تو تڑوا دیتے تھے؟؟؟

جواب:::حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ اپنی بیوی کو روزے رکھنے پہ مارتے تھے کیونکہ وہ جوان تھے اور بیوی مسلسل روزے رکھتی تھی۔۔۔۔

## ((باب الصائم یدعی الی ولیمۃ))

سوال:::اگر روزے دار کی دعوت کی جائے تو اسے کیا کرنا چاہیے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::جب تم میں سے کسی کی دعوت کی جائے تو اسے چاہیے قبول کرلے اور اگر روزے سے نہ ہو تو کھانا کھالے اور اگر روزے سے ہو تو اس کے حق میں دعا کر دے۔۔۔۔

## ((باب الاعتکاف))

سوال:::اعتکاف کس جگہ کیا جاسکتا ہے؟؟؟

جواب:::مرد کے لیے مسجد میں اعتکاف کرنا شرط ہے جبکہ عورتیں گھروں میں اعتکاف کریں۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کتنے روز اعتکاف فرماتے تھے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف کرتے تھے ایک سال کسی وجہ سے اعتکاف نہ کر سکے تو اگلے سال بیس دن اعتکاف فرمایا،،ایک روایت کے مطابق جس سال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ظاہری وصال ہوا اس سال بیس دن کا اعتکاف کیا۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد میں اپنی ازواج کے خیمے دیکھ کر کیا ردعمل فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ازواج کے خیمے دیکھے تو انہیں اکھاڑنے کا حکم ارشاد فرمایا۔۔۔

## ((باب المعتکف یدخل البیت لحاجتہ))

سوال::: معتکف کس صورت میں مسجد سے باہر جا سکتا ہے؟؟؟

جواب::: معتکف انسانی حاجات کے لیے مسجد سے نکل سکتا ہے۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوران اعتکاف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کس طرح بالوں میں کنگھی کرواتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد ہی سے اپنا سر اقدس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے قریب کر دیتے اور آپ اس میں کنگھی کر دیتی تھیں۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو مسجد سے گھر چھوڑنے جا رہے تھے تو کیا واقعہ پیش آیا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب انہیں گھر چھوڑنے جا رہے تھے تو دو انصاری وہاں سے گزرے، وہ آپ کو دیکھ کر تیزی سے نکلنے لگے، نبی اکرم ﷺ نے فرمایا::: ٹھہرو، یہ صفیہ بنت حیی (میری بیوی) ہے (ایسا نہ ہو کہ تمہیں کوئی غلط فہمی ہو جائے)، وہ بولے: سبحان اللہ! اللہ کے رسول! (آپ کے متعلق ایسی بدگمانی ہو ہی نہیں سکتی) آپ ﷺ نے فرمایا::: شیطان انسان کی رگوں میں خون کی طرح دوڑتا ہے، مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں وہ تمہارے دل میں کچھ (یا کہا: کوئی شر) نہ ڈال دے۔۔۔

## ((باب المعتکف یعود المریض))

سوال::: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اعتکاف والے کے لیے کون کون سی پابندیاں بیان فرمائی ہیں؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں::: سنت یہ ہے کہ معتکف مریض کی عیادت نہ کرے، نہ جنازے میں شریک ہو، نہ عورت کو چھوئے اور نہ اس سے مباشرت کرے،، بغیر روزے کے اعتکاف نہیں ہو گا اور صرف مسجد میں اعتکاف ہو گا۔۔۔

## ((باب فی المستحاضة تعتکف))

سوال::: کیا مستحاضہ عورت اعتکاف کر سکتی ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں کیونکہ مستحاضہ پاک عورت کے حکم میں ہوتی ہے لہذا عبادت کر سکتی ہے،، چنانچہ روایت ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک زوجہ مطہرہ نے استحاضہ کی حالت میں اعتکاف کیا تو ان کے نیچے تھال رکھ دیا گیا حالانکہ وہ نماز میں تھیں۔۔۔۔

((کتاب الایمان والنذور))

سوال::: یمین کا لغوی اور شرعی معنی لکھیں۔۔۔۔

جواب::: لغت میں یمین دائیں طرف کو کہتے ہیں جبکہ اصطلاح میں وہ قولی عقد جس کے ساتھ قسم کھانے والا کسی کام کو کرنے یا نہ کرنے کا ارادہ کرتا ہے یمین کہلاتا ہے۔۔۔۔

## ((باب التغلیظ فی الایمان الفاجرة))

سوال::: جھوٹی قسم کھانے کی وعید بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جس نے کسی دباؤ میں آکر جھوٹی قسم کھائی وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔۔۔۔

((باب فیمن حلف یمینا لیقتطع بھا مالا لاحد))

سوال::: جو کسی کا مال کھانے کے لیے جھوٹی قسم اٹھائے وہ اللہ سے کس حال میں ملے گا؟؟؟

جواب::: وہ اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ خدا اس پہ غضب ناک ہو گا۔۔۔۔

سوال::: کندی اور حضرمی کے درمیان کیا جھگڑا ہوا تھا؟؟؟

جواب::: ایک دفعہ کندہ اور حضرموت کے دو اشخاص کے درمیان زمین کا جھگڑا ہوا،، حضرمی نے کہا کہ کندی کے باپ نے میری زمین پہ قبضہ کیا تھا،، کندی نے کہا کہ اس زمین پہ حضرمی کا کوئی حق نہیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرمی سے گواہ مانگے لیکن اس کے پاس نہیں تھے پھر کندی کو قسم کھانے کا کہا تو وہ تیار ہو گیا تب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جو کسی کا مال کھانے کے لیے ((جھوٹی)) قسم اٹھائے وہ اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ اس کے ہاتھ پاؤں نہیں ہوں گے یہ سن کر کندی نے حضرمی کو زمین واپس کر دی۔۔۔۔

((باب ماجاء فی تعظیم الیمین عند منبر النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم))

سوال::: منبر نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جھوٹی قسم کھانے کا کیا گناہ ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جو میرے منبر کے پاس جھوٹی قسم کھائے اگرچہ ایک مسواک کے لیے ہی کیوں نہ ہو تو اس نے اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لیا یا یوں فرمایا کہ اس پہ جہنم واجب ہو گئی۔۔۔۔

## ((باب الحلف بالانداد))

سوال::: اگر کسی نے بتوں کی قسم کھائی تو اس کے لیے کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: اگر جان بوجھ کر ایسا کیا تو وہ کافر ہو جائے گا چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جس نے اپنی قسم میں کہا::: لات کی قسم ،، تو اسے چاہیے """لا الہ الا اللہ""" کہے،، اور جو اپنے ساتھی کو جوا کھیلنے کی دعوت دے تو وہ کوئی چیز صدقہ کرے۔۔۔۔

## ((باب فی کراھیۃ الحلف بالآباء))

سوال::: کیا آباء کی قسم کھانا جائز ہے؟؟؟

جواب::: جی نہیں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے۔۔۔۔

سوال::: کیا غیر اللہ کی قسم کھانا درست ہے؟؟؟

جواب::: احناف کے نزدیک غیر اللہ کی قسم کھانا حرام ہے،، شوافع کے مطابق مکروہ ہے۔۔۔۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے::: اللہ کے سوا کسی کی قسم نہ کھاؤ،، ایک اور روایت میں ہے جس نے اللہ کے سوا کسی کی قسم کھائی اس نے شرک کیا۔۔۔۔

## ((باب کراھیۃ الحلف بالامانۃ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امانت کی قسم کھانے والوں کے بارے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جس نے امانت کی قسم کھائی وہ ہم سے نہیں۔۔۔۔

## ((باب لغو الیمین))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یمین لغو کے بارے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: یمین لغو یہ ہے کہ آدمی اپنے گھر میں ((تکیہ کلام کے طور پر)) کلا واللہ وبلی واللہ کہتا پھرے۔۔۔۔

سوال::: یمین لغو کی تعریف اور اس کا حکم بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: کسی شخص کا ماضی یا حال کی کسی ایسی بات پہ قسم کھانا جو حقیقت میں جھوٹ ہو لیکن وہ شخص سچ سمجھ کر قسم اٹھا رہا ہو یمین لغو کہلاتی ہے۔۔۔۔

اس پہ نہ کوئی کفارہ ہے نہ گناہ۔۔۔۔

سوال::: ابراہیم صائغ کو کس نے شہید کیا تھا نیز وہ نماز کی کتنی پابندی فرماتے تھے؟؟؟

جواب::: ابراہیم صائغ کو ابو مسلم نے عرندس کے مقام پہ شہید کیا تھا اور وہ نماز کی اس قدر پابندی فرماتے تھے کہ جب اذان کی آواز سنتے اور ان کا ہتھوڑا ہوا میں ہوتا تھا تو مارے بغیر نیچے رکھ دیتے۔۔۔۔

## ((باب المعاریض فی الیمین))

سوال::: تعریض والے کلام کے ساتھ قسم اٹھانے سے کیا مراد ہے نیز اس کی ایک مثال بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::اس کا مطلب ہے کہ غیر صریح کلام کے ساتھ قسم اٹھانا یعنی ایک کلام کے دو معنی ہوں مخاطب قریب کا معنی سمجھے جبکہ متکلم بعید کے معنی کا ارادہ کرے۔۔۔۔۔

ایک دفعہ چند صحابہ کرام جارہے تھے ان میں حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ بھی تھے تو ان کے دشمن نے انہیں پکڑ لیا،، حضرت سوید بن حنظلہ نے قسم کھائی کہ یہ میرے بھائی ہیں(( حالانکہ وہ ان کے بھائی نہیں تھے)) اور پھر ان کو چھڑا کر لے آئے،، جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں واقعہ عرض کیا تو فرمایا::: تو نے سچ ہی کہا ہے(( کیونکہ)) ایک مسلمان دوسرے کا بھائی ہے۔۔۔۔

((باب ماجاء فی الحلف بالبراءۃ وبملۃ غیر الاسلام))

سوال::: اگر کسی نے اسلام کے سوا کسی اور ملت کی قسم کھائی یعنی اگر میں نے ایسا کیا تو یہودی یا نصرانی ہو جاؤں گا تو اس کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: اگر کسی نے ایسی قسم ماضی کے کسی فعل کے بارے اٹھائی اور وہ جانتا ہے کہ وہ جھوٹا ہے تو اس پہ کفارہ واجب ہو گا،، اگر مستقبل کے کسی فعل کے بارے ایسی قسم اٹھائی تو اس میں بھی آئمہ کرام کا اختلاف ہے بعض کے نزدیک کافر ہو جائے گا اور بعض کے نزدیک نہیں۔۔۔۔

سوال::: خودکشی کرنے والے کی سزا بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: جس چیز سے اس نے خود کو قتل کیا تو قیامت تک اس کو اسی چیز کے ساتھ عذاب دیا جائے گا۔۔۔۔۔

## ((باب الرجل یحلف ان لا یتادم))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس چیز کو روٹی کے لیے سالن قرار دیا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھجور کو روٹی کے ٹکڑے پہ رکھا اور فرمایا یہ اس کا سالن ہے۔۔۔۔

## ((باب الاستثناء فی الیمین))

سوال::: اگر قسم کھاتے ہوئے ان شاء اللہ کہہ دیا تو کیا قسم منعقد ہو جائے گی؟؟؟

جواب::: اگر یہ الفاظ متصلاً کہے تو قسم منعقد نہیں ہو گی چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے::: جس نے کسی بات پہ قسم کھائی اور ان شاء اللہ کہہ دیا تو اس نے استثنیٰ کر لیا۔۔۔۔

## ((باب ماجاء فی یمین النبی صلی اللہ علیہ وآلہ ماکانت))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب قسم اٹھاتے تو کن الفاظ کے ساتھ اٹھاتے تھے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قسم کے مختلف الفاظ تھے ایک روایت میں یوں ہے::: """لا ومقلب القلوب""" نہیں،، قسم ہے دلوں کے پھیرنے والے کی۔۔۔

ایک دوسری روایت میں یوں بیان کیا گیا ہے جب قسم پہ زور دیتے تو فرماتے::: والذی نفس ابی القاسم بیدہ((اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں ابوالقاسم کی جان ہے))۔۔۔۔

## ((باب فی القسم ھل یکون یمینا))

سوال::: کیا لفظ"""قسم""" کہنے سے قسم منعقد ہو جاتی ہے؟؟؟

جواب::: احناف کے نزدیک اگر قسم میں اللہ کا ذکر کیا جائے مثلا::: اُقسمت باللہ کہا تو قسم ہو جائے گی اسی طرح اگر اسم جلالت ذکر نہ کیا یعنی یوں کہا::: اُقسمت،، تو اس سے بھی قسم ہو جائے گی۔۔۔

سوال::: جب حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو خواب کی تعبیر بیان فرمائی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: آپ نے کچھ تعبیر درست بیان کی اور کچھ میں غلطی کی۔۔۔

## ((باب الیمین فی قطیعۃ الرحم))

سوال::: کیا رشتہ توڑنے پہ قسم کھائی جا سکتی ہے؟؟؟

جواب::: جی نہیں،، چنانچہ روایت ہے کہ دو انصار بھائی اپنے والد کے وارث ہوئے تو ایک نے دوسرے سے وراثت تقسیم کرنے کا کہا دوسرے نے کہا کہ اگر تم نے دوبارہ ایسی بات کی تو میں سارا مال کعبہ کے لیے وقف کر دوں گا،، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یہ سن کر ارشاد فرمایا::: کعبہ تمہارے مال کا محتاج نہیں تم اپنی قسم کا کفارہ ادا کر کے اپنے بھائی سے((تقسیمِ وراثت)) کی بات چیت کرو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: اللہ کی نافرمانی اور رشتہ توڑنے میں کوئی قسم نہیں اور نہ ہی ایسے مال میں قسم ہوتی ہے جس کا کوئی شخص مالک نہ ہو۔۔۔۔

## ((باب فیمن یحلف کاذبا متعمدا))

سوال::: یمین غموس پہ کفارہ نہیں ہے اس پہ دلیل بیان کریں۔۔۔

جواب::: ایک دفعہ دو اشخاص کا جھگڑا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا تو آپ نے مدعی سے گواہ مانگا لیکن اس کے پاس کوئی گواہی نہیں تھی پھر مدعی علیہ کو قسم کھانے کا حکم دیا تو اس نے((جھوٹی)) قسم اٹھا دی پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: ہاں تم نے یہ کام کیا ہے لیکن تمہارے اخلاص سے """لا الہ الا اللہ""" کہنے کی وجہ سے تمہاری مغفرت کر دی گئی۔۔۔

اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ یمین غموس پہ کوئی کفارہ نہیں۔۔۔

## ((باب الرجل یکفر قبل ان یحنث))

سوال:::اگر کسی نامناسب کام پہ قسم کھائی جائے تو کیا کرنا چاہیے؟؟؟نیز کیا قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا کر سکتے ہیں؟؟؟

جواب:::اگر کسی نامناسب کام پہ قسم کھالی جائے تو قسم توڑ کر کفارہ ادا کر دیا جائے۔۔۔

قسم توڑنے سے پہلے کفارہ دینا جائز نہیں،،چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عبدالرحمن سے فرمایا:::جب تم کسی بات پہ قسم کھاؤ اوراس کے علاوہ دوسری چیز کواس سے بہتر سمجھو تو اسے اختیار کرو جو بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ دے دو۔۔۔۔

## ((باب کم الصاع فی الکفارۃ))

سوال:::احناف کے نزدیک کفارہ یمین کے صاع کی مقدار بیان کریں۔۔۔

جواب:::ایک صاع چار مد کا ہوتا ہے اور احناف کے نزدیک ایک مد دو رطل کا ہے۔۔۔

## ((باب فی الرقبۃ المومنۃ))

سوال:::کس نے اپنی لونڈی کو مارا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا حکم دیا؟؟؟

جواب:::حضرت معاویہ بن حکم سلمی رضی اللہ عنہ نے اپنی لونڈی کو مارا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ بات پتا چلی تو لونڈی کو بلوایا اور اس سے پوچھا:::اللہ کہاں ہے؟؟؟اس نے عرض کی:::آسمان میں،،فرمایا:::میں کون ہوں؟؟؟عرض کی:::آپ اللہ کے رسول ہیں،،پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::اس کو آزاد کردو کیونکہ یہ مومنہ ہے۔۔۔

## ((باب النہی عن النذور))

سوال:::جن احادیث میں نذر سے منع کیا گیا ہے ان کی توجیہ بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::نذر تقدیر کے فیصلے کو نہیں ٹالتی،،نذر کسی چیز کو رد نہیں کرتی۔۔۔

ان احادیث کا مطلب یہ ہے کہ یہ عقیدہ رکھ کر نذر نہ مانی جائے کہ اس کے سبب تقدیر ٹل جائے گی یا کسی کو وہ چیز مل جائے گی جو اس کی تقدیر میں لکھی نہیں،،مطلقاً نذر ماننا جائز ہے۔۔۔۔

## ((باب ماجاء فی النذر فی المعصیۃ))

سوال:::کیا معصیت کی نذر پوری کرنا ضروری ہے؟؟؟

جواب:::معصیت کی نذر پوری کرنا جائز نہیں،،چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::جس نے نذر مانی کہ وہ اللہ کی اطاعت کرے گا تو اسے پورا کرے اور جس نے اللہ کی نافرمانی کی نذر مانی تو اسے پورا نہ کرے۔۔۔۔

## ((باب من رآی علیہ کفارۃ اذاکان فی معصیۃ))

سوال:::کیا معصیت کی قسم توڑنے پہ کفارہ ہوگا؟؟؟

جواب:::جی اس پہ کفارہ ہوگا اور اس کا کفارہ وہی ہے جو قسم کا کفارہ ہے۔۔۔۔۔

سوال:::حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی بہن نے کیا نذر مانی؟؟؟

جواب:::آپ رضی اللہ عنہ کی بہن نے یہ نذر مانی کہ وہ ننگے پاؤں اور ننگے سر حج کرے گی جب یہ بات نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچی تو فرمایا:::اسے حکم دو کہ سواری پر سوار ہو اپنا سر ڈھانپے اور ((بطور کفارہ)) تین دن کے روزے رکھے۔۔۔۔۔

## ((باب من نذر ان یصلی فی بیت المقدس))

سوال:::جب ایک شخص نے بیت المقدس میں نماز ادا کرنے کی قسم کھائی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب:::ایک شخص نے یہ قسم کھائی تھی کہ اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک پہ مکہ فتح ہو گیا تو وہ بیت المقدس میں دو رکعات ادا کریں گے،،جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پتا چلا تو فرمایا:::یہیں پڑھ لو،،اس نے اپنی بات دہرائی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر وہی ارشاد فرمایا پھر تیسری مرتبہ فرمایا:::اب تمہاری مرضی((چاہو تو یہاں پڑھ لو یا بیت المقدس میں پڑھو))۔۔۔۔۔

## ((باب فی قضاء النذر عن المیت))

سوال:::کیا ورثاء میت کی جانب سے نذر پوری کر سکتے ہیں؟؟؟

جواب:::احناف کے نزدیک میت کی عبادت بدنیہ کو ادا نہیں کیا جا سکتا البتہ ان کا کفارہ دیا جائے گا اور یہ اس کے تہائی مال سے پورا کیا جائے گا۔۔۔۔

## ((باب مایؤمر بہ من الوفاء بالنذر))

سوال:::جب ایک عورت نے دف بجانے کی نذر مانی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے پوری کرنے کا حکم دیا پھر اس نے عرض کی کہ میں نے نذر مانی تھی فلاں فلاں جگہ جانور ذبح کروں گا جہاں جاہلیت والے ذبح کرتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::بتوں کے لیے؟؟؟اس نے عرض کی جی نہیں تو فرمایا::: پھر اپنی نذر پوری کر لو۔۔۔۔۔

## ((باب فی النذر فیما لا یملک))

سوال:::اگر ایسی چیز پہ نذر مانی جو اپنی ملکیت میں نہ ہو تو نذر کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::اس نذر کو پورا کرنا درست نہیں البتہ کفارہ ادا کیا جائے گا۔۔۔۔

چنانچہ ایک مرتبہ کفار نے مسلمانوں کے اونٹ اور ایک عورت کو گرفتار کر لیا،،وہ عورت ایک اونٹنی پہ بیٹھ کر واپس آئی اور نذر مانی کہ اگر اللہ نے اسے بچالیا تو وہ اس اونٹنی کو قربان کر دے گی،،جب وہ مدینے پہنچی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس منت کا عرض کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::تم نے اسے کتنا برابدلہ دینا چاہا((کہ اس نے تمہیں بچایا ہے اور تم اسے قربان کرنا چاہتی ہو)) پھر فرمایا:::اللہ کی معصیت میں کوئی نذر نہیں اور نہ ہی ایسے مال میں جس کا وہ شخص مالک نہ ہو۔۔۔۔۔

سوال:::عضباء کس کی اونٹنی تھی؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اونٹنی کا نام عضباء تھا۔۔۔

## ((باب فیمن نذر ان یتصدق بمالہ))

سوال:::جب حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے اپنا تمام مال صدقہ کرنے کا ارادہ کیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں تہائی مال صدقہ کرنے کا حکم ارشاد فرمایا۔۔۔

## ((باب من نذر نذرالایطیقہ))

سوال:::اگر کسی ایسے کام کی نذر مانی جو طاقت سے باہر تو کیا اسے پورا کیا جائے گا؟؟؟

جواب:::ایسی نذر ماننے سے منع کیا گیا ہے لیکن اگر مان لی تو قسم والا کفارہ ادا کیا جائے گا۔۔۔۔۔

## ((باب من نذر الجاہلیۃ ثم ادرک الاسلام))

سوال:::کیا زمانہ کفر میں مانی ہوئی نذر کو پورا کرنا ضروری ہے؟؟؟

جواب:::ایسی نذر کو پورا کرنا واجب نہیں۔۔۔۔

## ((کتاب الحمام))

سوال:::کیا مرد وعورت کا حمام میں داخل ہونا جائز ہے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مطلقاً حمام میں داخل ہونے سے روکا لیکن پھر مردوں کو اس شرط پہ رخصت دی کہ وہ اپنے ستر چھپائے رکھیں۔۔۔۔

سوال:::حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جب شام سے عورتیں آئیں تو آپ نے انہیں کیا فرمایا؟؟؟

جواب:::آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:::شاید تم ایسی سرزمین سے آئی ہو جہاں عورتیں حمام میں داخل ہوتی ہیں انہوں نے اعتراف کیا تو پھر آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:::جو عورت کسی اور گھر میں کپڑے اتارے تو اس نے اپنے اور اللہ کے مابین پردے کو پھاڑ دیا۔۔۔

# ((باب النہی عن التعری))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب ایک شخص کو کھلی جگہ بغیر ازار غسل کرتے دیکھا تو کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پہ تشریف لائے اور فرمایا::: بے شک اللہ حیاء دار ہے اور ستر پوشی پسند فرماتا ہے لہذا جب تم میں سے کوئی نہائے تو ستر چھپائے۔۔۔۔

((اگر کوئی شخص تنہائی میں ہو تو برہنہ ہو کر غسل کر سکتا ہے))۔۔۔۔۔

سوال::: کیا ران ستر عورت میں شامل ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں ران ستر عورت میں شامل ہے چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے::: اپنی ران کو ظاہر نہ کرو اور کسی زندہ اور مردہ شخص کی ران نہ دیکھو۔۔۔۔

سوال::: کیا کوئی شخص کسی دوسرے کا ستر دیکھ سکتا ہے؟؟؟

جواب:::

جی نہیں،،نہ ہی ایک مرد دوسرے کا ستر دیکھ سکتا ہے اور نہ ہی عورت کسی دوسری عورت کا ستر دیکھ سکتی ہے،،اسی طرح دو برہنہ مردوں کا ساتھ لیٹنا اور دو برہنہ عورتوں کا ساتھ لیٹنا بھی ممنوع ہے۔۔۔۔